بلہ اسم فعل بمعنیٰ امر حاضر معناہ دع صیغہ واحد مذکر امر حاضر اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل مرفوع محلا زیدا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

حَيَّهَلَ الصَّلٰوةَ: نماز کی طرف آؤ۔

حیہل اسم فعل معناہ ائتِ صیغہ واحد مذکر امر حاضر معلوم اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل الصلوٰۃ مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

جِئْتُكَ اِذْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ: میں تیرے پاس آیا تھا جب سورج طلوع ہوا تھا۔

جئتک جئت فعل ت ضمیر بارز اس کا فاعل ک ضمیر مفعول بہ اذ ظرفیہ مضاف طلعت فعل الشمس فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

آتِيْكَ اِذَا جَاءَ زَيْدٌ: میں تیرے پاس آؤں گا جب زید آئے گا۔

اتی فعل اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل ک ضمیر مفعول بہ اذا ظرفیہ مضاف جاء فعل زید اس کا فاعل فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ اتی فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

كَيْفَ حَالُكَ: آپ کا کیا حال ہے۔

کیف ظرف زمان مفعول فیہ برائے فعل محذوف ثبت فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ خبر مقدم حالک مضاف مضاف الیہ مبتدأ موخر مبتدأ مؤخر اپنے خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ استفہامیہ ہوا۔

اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ: قیامت کا دن کب ہوگا۔

ایان ظرف زمان مفعول فیہ برائے فعل محذوف ثبت فعل فاعل اور مفعول فیہ ملکر خبر مقدم یوم الدین مضاف مضاف الیہ مبتدأ مؤخر مبتدأ مؤخر اپنے خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ استفہامیہ ہوا۔

نَصَرْتُكَ اَمْسِ: میں نے کل تمہاری مدد کی تھی۔

نصرتک نصرت فعل ت ضمیر بارز اس کا فاعل ک ضمیر اس کا مفعول بہ منصوب محلا امس ظرف زمان مفعول فیہ منصوب محلا فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا رَأَيْتُ زَيْدًا مُذْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ: میں نے جمعے کے دن سے زید کو نہیں دیکھا۔

ما نافیہ رأیت فعل فاعل زیداً مفعول بہ مذ مبتدأ یوم الجمعۃ مضاف مضاف الیہ خبر، مبتدأ خبر ملکر مفعول فیہ ہوا فعل کا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا ضَرَبْتُهُ قَطُّ: میں نے اس کو کبھی نہیں مارا۔

ما نافیہ ضربت فعل فاعل ہ ضمیر مفعول بہ منصوب محلا قط ظرف زمان مفعول فیہ منصوب محلا فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَدُاللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ: اللہ کا ہاتھ کما یلیق بشانہ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے۔

ید مضاف اللہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، فوق ظرف مکان مضاف ایدی مضا ف الیہ مضاف ہم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مضا ف الیہ ہوا فوق کے لئے مضاف مضاف الیہ ملکر ثابت مقدر کے لئے مفعول فیہ ہوا ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر ہوا مبتدأ کے لئے، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

جلست فعل فاعل فوق ظرف مکان مضاف عمرو مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا جلست فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِجْلِسْ حَيْثُ جَلَسَ زَيْدٌ: جہاں زید بیٹھا ہے وہی بیٹھ جاؤ۔

اجلس فعل امر اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل حیث مضاف جلس فعل زید فاعل فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ مضاف الیہ ہوا مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ امریہ انشائیہ ہوا۔

اِمْشِ قُدَّامَ بَكْرٍ: بکر کے آگے چلو۔

امش فعل امر اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل قدام ظرف مکان مضاف بکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا امش فعل کا فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا

ضَعْ هٰذَا فَوْقَ السَّطْحِ: اس کو چھت کے اوپر رکھو۔

ضع فعل امر اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل ہذا اسم اشارہ مشار الیہ محذوف الشیء، اشارہ مشار الیہ ملکر مفعول بہ فوق ظرف مکان مضاف السطح مضاف الیہ مجرور بالکسرہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ضع فعل کا فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ: ہم نے بعض (انبیاء) کو بعض پر فضیلت دی۔

فضلنا فعل فاعل بعضہم مضاف مضاف الیہ مفعول بہ فوق ظرف مکان مضاف بعض مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

كَمْ دِرْهَماً عِنْدَكَ: تیرے پاس کتنے درہم ہیں۔

کم استفہامیہ ممیز درہما تمیز ممیز تمیز ملکر مبتدا، عند مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ثابت مقدر کے لئے ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شبہ جملہ خبر مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَلَكْتُ كَذَا وَكَذَا دِرْهَماً: میں مالک ہوں اتنے اتنے درہم کا۔

ملکت فعل فاعل کذا معطوف علیہ واو حرف عطف کذا معطوف معطوف علیہ اور معطوف ملکر

ممیز درہما تمیز ممیز تمیز ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْتُ لِزَيْدٍ كَيْتَ وَكَيْتَ: میں نے زید کو ایسا ویسا کہا۔

قلت فعل فاعل لام زائدہ جارہ زید مجرور لفظاً منصوب محلا اور مفعول بہ کیت وکیت معطوف علیہ معطوف مفعول بہ ثانی ہوا فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَشَيْتُ خَلْفَكَ: میں تیرے پیچھے چلا۔

مشیت فعل فاعل خلف ظرف مکان مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَعَدَ زَيْدٌ تَحْتَ الشَّجَرَةِ: زید درخت کے نیچے بیٹھا۔

قعد فعل زید فاعل تحت ظرف مکان مضاف الشجرۃ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ فعل فاعل اور مفعول فیہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَا أُعْطِيْهِ عَوْضُ: میں اس کو کبھی نہیں دوں گا۔

لا نافیہ اعطی فعل اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل ہ ضمیر مفعول بہ عوض ظرف زمان مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ: جب آجائے اللہ کی مدد۔

اذا شرطیہ جاء فعل نصر مضاف اللہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط ۔فسبح بحمد ربک جزا ہوا۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ: جب ہلا دی جائیگی زمین ۔

اذا شرطیہ زلزلت صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی مجہول باب فعللۃ الارض نائب فاعل فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط یومئذ تحدث جزا ہوا

جَاءَ زَيْدٌ قَبْلَكَ: زید تجھ سے پہلے آیا۔

جاء فعل زید فاعل قبل ظرف زمان مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ منصوب بالفتحہ لفظاً فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

رَأَیْتُ زَیْداً قَبْلَ یَوْمِ الْجُمُعَةِ: میں نے زید کو جمعہ کے دن سے پہلے دیکھا۔

رأیت فعل فاعل زیدا مفعول بہ منصوب بالفتحہ لفظاً قبل ظرف زمان مضاف یوم مضاف الیہ مضاف الجمعۃ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا منصوب بالفتحہ لفظاً فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

عَرَفْتُ عَمْرواً قَبْلُ: میں نے اس سے پہلے عمرو کو پہچانا۔

عرفت فعل فاعل عمروا مفعول بہ قبل مبنی برضم ظرف زمان مفعول فیہ منصوب محلا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَارَأَیْتُهُ بَعْدُ: میں نے اس کے بعد اس کو نہیں دیکھا۔

ما نافیہ رأیتہ فعل فاعل اور مفعول بہ بعد مبنی برضم ظرف زمان مفعول فیہ منصوب محلا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

﴿تعیین اقسام معرفہ﴾

ضمائر	اسمائے اشارات	اعلام	اسمائے اصوات	معرفہ بہ ندا
اَنَا	هٰذَا	یُوسُفُ	مَنْ	
نَحْنُ	هٰذِهٖ		ما	
ی	هٰؤُلَاءِ			
ہ	ذٰلِکُم			

معرفہ بالف لام	معرفہ باضافت
الله	اَخِیْ
اَلرَّجُلُ	عَبْدُکَ
اَلْمَرْءُ	حِلْمُ الرَّجُلِ
اَلْقَلْبُ	هَوْنُه
الکلام	حَزْلَةُ الْمَرْءِ

القلوب	كَنْزُه
اُلْخير	كَلَامُ الله
اَلْجَاهِلُ	دَوَاءُ الْقَلْبِ
الصلوٰة	لِيْنُ الْكَلَامِ
الدين	قَيْدُ الْقُلُوْبِ
الزكوٰة	صَبْرُكَ
المال	صَمْتُ الْجاَهل
الصوم	سُتْرَةٌ
الحج	اختى
معرفہ بالف لام	معرفہ باضافت
القلب	عبيدى
الشيطان	عماد الدين
	ذكر الله
	طَمِانِيةُ الْقُلُوب
	ذكُرُالله
	اَوْلِيَاءُ ہ

مشق نمبر ﴿۹﴾

امثلہ ذیل میں معرفہ کے اقسام پہچانو اور ان جملوں کی ترکیب اور ترجمہ کرو؟

جواب:۔ پہلے معرفہ کی اقسام کی تعیین اس کے بعد ترجمہ وترکیب کریں گے۔

اَنَا یُوْسُفُ: میں یوسف ہوں۔

انا ضمیر مرفوع متصل مبتدأ مرفوع محلا یوسف خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا اَخِیْ: یہ آدمی میرا بھائی ہے۔

ہذا اسم اشارہ مشار الیہ محذوف کے ساتھ ملکر مبتدأ مرفوع محلا اخی مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا عَبْدُکَ: یہ تیرا غلام ہے۔

ہذا گذر گیا، مبتدأ عبدک مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ ورخبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حِلْمُ الرَّجُلِ عَوْنُهٗ: آدمی کی بردباری اس کی مدد ہے۔

حلم مضاف الرجل مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، عونہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر ،مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حِرْفَةُ الْمَرْءِ کَنْزُهٗ: آدمی کا پیشہ (کاریگری) اس کا خزانہ ہے۔

حرفۃ مضاف المرء مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، کنزہ مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کَلَامُ اللّٰهِ دَوَاءُ الْقَلْبِ: اللہ کا کلام دلوں کی دوائی ہے۔

کلام اللہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ، دواء القلب مضاف مضاف الیہ خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِیْنُ الْکَلَامِ قَیْدُ الْقُلُوْبِ: نرم کلام دلوں کو قید کرنے والی ہے۔

لین الکلام مضاف مضاف الیہ مبتدأ قید القلوب مضاف مضاف الیہ خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ مُسْتَغْفِرُوْنَ: ہم استغفار کرنے والے ہیں۔

نحن مبتدأ مستغفرون صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب استفعال اور نحن اس کا فاعل مرفوع محلا اسم فاعل اور فاعل ملکر شبہ جملہ خبر ہوا مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

طَابَ مَنْ وَثِقَ بِاللّٰهِ: اچھا ہے وہ جس نے اللہ پر اعتماد کیا۔

طاب صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضرب یضرب من موصولہ وثق فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل باء حرف جار اللہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا وثق فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر صلہ ہوا موصول کا موصول صلہ ملکر فاعل ہوا طاب فعل کا فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

صَبْرُکَ یُوْرِثُ الْخَیْرَ: تیرا صبر کرنا خیر کا وارث ہوتا ہے۔

صبرک مضاف مضاف الیہ مبتدأ، یورث فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل الخیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

صَمْتُ الْجَاهِلِ سَتْرُهٗ: جاہل کی خاموشی اس کی پردہ ہے۔

صمت الجاہل مضاف مضاف الیہ مبتدأ، سترہ مضاف مضاف الیہ خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا مَا کَنَزْتُمْ: یہ وہ ہے جس کو تم جمع کرتے تھے۔

ہذا اسم اشارہ مشار الیہ محذوف کے ساتھ ملکر مبتدأ، ما موصولہ کنزتم صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب یضرب فعل فاعل ملکر صلہ موصول صلہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ہذہ اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ اختی مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھٰؤُلَاءِ عَبِیْدِیْ: یہ میرے غلام ہیں۔

ہولاء اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ، عبیدی مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ: نماز دین کا ستون ہے۔

الصلوٰۃ مبتدأ مرفوع بضمہ لفظاً عماد الدین مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلزَّکٰوۃُ یُزَکِّیَ الْمَالَ: زکوٰۃ مال کو پاک کرتا ہے۔

الزکوٰۃ مبتدأ مرفوع بضمہ لفظاً یزکی صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم فعل فاعل المال مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

اَلصَّوْمُ جُنَّۃٌ: روزہ ڈھال ہے۔

الصوم مبتدأ جنۃ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْحَجُّ مُطَھِّرٌ: حج پاک کرنے والا ہے۔

الحج مبتدأ مطہر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذِکْرُ اللّٰہِ طَمَانِیَۃُ الْقُلُوْبِ: اللہ کا ذکر دلوں کا اطمینان ہے۔

ذکر اللہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، طمانیۃ القلوب مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ: البتہ اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے۔

لام تاکید یہ ذکر اللہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ، اکبر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ: اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

اللہ مبتدأ یعلم فعل اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل ما موصولہ تصنعون فعل فاعل صلہ، موصول صلہ

ملکر مفعول بہ ہوا یعلم فعل کا فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِکُمُ الشَّیْطٰنُ یُخَوِّفُ اَوْلِیَاءَ ہٗ: یہ شیطان ہے جو اپنے دوستوں کو ڈراتا ہے۔

ذلکم اسم اشارہ الشیطان مشار الیہ اشارہ مشارہ الیہ ملکر مبتدأ، یخوف فعل اس میں ضمیر اس کا فاعل اولیاء ہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ منصوب بالفتحہ لفظاً، فعل فاعل مفعول بہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر﴿۱۰﴾

امثلہ ذیل میں ہر کلمہ میں مذکر مؤنث اور مؤنث کی قسمیں اور واحد اور مثنیٰ و مجموع کو بتاؤ اور ہر مثال کا ترجمہ و ترکیب بھی کرو؟

جواب:۔ پہلے مؤنث و مذکر، واحد، مثنیٰ جمع علیحدہ علیحدہ لکھے جاتے ہیں اس کے بعد ترجمہ و ترکیب کریں گے۔

مذکر	مؤنث	تعیین اقسام
الانسان	سلامة	مؤنث لفظی
حبس	نفس	مؤنث معنوی
الارذال	سادة	مؤنث لفظی
الرجال	امة	مؤنث لفظی
المملوک	الفقهاء	مؤنث لفظی
العدل	الدنیا	مؤنث معنوی
مذکر	مؤنث	تعیین اقسام
عباد	مشحونة	مؤنث لفظی
مکرمون	الزرایا	مؤنث لفظی

الشیخان	بقرة	مؤنث حقیقی
افضل	صفراء	مؤنث لفظی
النجدین	السماء	مؤنث لفظی
لبن	منفطرة	مؤنث لفظی
حرام	الشمس	مؤنث معنوی
الله	القیامة	مؤنث لفظی
مذکر	مؤنث	تعیین اقسام
زید	واقعة	مؤنث لفظی
	آفة	مؤنث لفظی
	دولة	مؤنث لفظی
	الملٰئکة	مؤنث لفظی
	الصحابة	مؤنث لفظی
	الشاة	مؤنث حقیقی
	نظیفة	مؤنث لفظی
	اتان	مؤنث حقیقی
	ناقة	مؤنث حقیقی
	امرء ة	مؤنث حقیقی
	ارض	مؤنث معنوی
	واسعة	مؤنث لفظی

واحد	مثنیٰ	مجموع
سلامة	الشیخان	سادة
الانسان	النجدین	الفقهاء

حبس يومين الارذال.

النفس الرجال

الامة الملوک

الدنيا الملائكة

مشحونة عباد

بقرة مكرمون

السماء الصحابة

منفطرة

الشمس القيامة واقعة دولة الفضل الاثان آفة الشاة

حرام العدل نظيفة ناقة الارض لبن الله

امرء ة زيد ارض واسعة

یہ سارے واحد ہیں۔

سَلَامَةُ الْإِنْسَانِ فِيْ حَبْسِ النَّفْسِ: انسان کی سلامتی نفس کو کنٹرول کرنے میں ہے۔

سلامۃ مضاف الانسان مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدا، فی حرف جار حبس مضاف النفس مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابتۃ مقدر کے ساتھ، ثابتۃ صیغہ اسم فاعل اس میں ہی ضمیر مستتر اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ خبر ہوا مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَادَةُ اُمَّةِ الْفُقَهَاءُ: امت کے سردار فقہاء ہیں۔

سادۃ الامۃ مضاف مضاف الیہ مبتدأ، الفقہاء خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلدُّنْيَا مَشْحُوْنَةٌ بِالرَّزَايَا: دنیا مصیبتوں سے بھری ہوئی ہے۔

الدنیا مبتدأ مشحونۃ صیغہ اسم مفعول اس میں ہی ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل باء حرف جار

الرزایا مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا مشوبۃ کے ساتھ، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر خبر مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هِیَ بقرۃٌ صَفْرَاءُ: وہ زرد گائے ہے۔

ہی مبتداء بقرۃ موصوف صفراء صفت موصوف صفت ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلسَّمَاءُ مُنْفَطِرَۃٌ: آسمان پھٹنے والی ہے۔

السماء مبتدأ منفطر ۃ خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلشَّمْسُ تُکَوَّرُ: سورج کی روشنی ختم کردی جائے گی۔

الشمس مبتدأ، تکور صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب تفعیل اس میں ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل فعل اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْقِیَامَۃُ وَاقِعَۃٌ: قیامت واقع ہونے والی ہے۔

القیامۃ مبتدأ واقعۃ خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

دَوْلَۃُ الْاَرْذَالِ اٰفَۃُ الرِّجَالِ: رذیلوں کی دولت آدمیوں کے لئے آفت ہے۔

دولۃ مضاف الارذال مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ آفۃ الرجال مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

دَوْلَۃُ الْمُلُوْکِ الْعَدْلُ: بادشاہوں کی دولت عدل ہے۔

دولۃ الملوک مضاف مضاف الیہ مبتدأ، العدل خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْمَلَائِکَۃُ عِبَادٌ مُکْرَمُوْنَ: فرشتے اللہ کے عزت مند بندے ہیں۔

الملائکۃ مبتدأ، عباد موصوف مکرمون صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول اور اس میں ہم ضمیر اس کا نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل کے ساتھ ملکر صفت ہوا، موصوف صفت ملکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلشَّیْخَانِ اَفْضَلُ الصَّحَابَۃِ: شیخین (ابوبکرؓ، عمرؓ) صحابہؓ میں سب سے افضل ہیں۔

الشیخان مبتدأ افضل الصحابۃ مضاف مضاف الیہ خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ: ہم نے اس کو (انسان) دو راستوں کی راہنمائی کی ہے۔

ہدینا فعل نا ضمیر فاعل ہ مفعول اول النجدین مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلشَّاةُ نَظِيْفَةٌ: بکری پاک ہے۔

الشاۃ مبتدأ، نظیفۃ خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَبَنُ الْاَتَانِ حَرَامٌ: گدھی کا دودھ حرام ہے۔

لبن الاتان مضاف مضاف الیہ مبتدأ، حرام خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذِهٖ نَاقَةُ اللهِ: یہ اللہ کی اونٹنی ہے۔

ہذہ اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ ناقۃ اللہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذِهٖ اِمْرَءَةُ زَيْدٍ: یہ زید کی بیوی ہے۔

ہذہ اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ، امرءۃ زید مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَرْضُ اللهِ وَاسِعَةٌ: اللہ کی زمین وسیع (چوڑی) ہے۔

ارض اللہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، واسعۃ خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ يَوْمَيْنِ: اللہ نے زمین دو دنوں میں پیدا کی۔

خلق فعل ماضی ضمیر مستتر اس کا فاعل الارض مفعول بہ فی جار یومین اس کا مجرور بالیائے لفظاً جار مجرور متعلق ہوا خلق فعل کے ساتھ، فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

﴿مشق نمبر ۱۱﴾

ذیل کی لکھی ہوئی جمع کے صیغوں میں ان سوالات کا جواب کہ کون جمع مکسر ہے اور کون جمع تصحیح؟ اور جمع تصحیح کی کونسی قسم ہے، جمع مذکر یا جمع مؤنث اور کون جمع قلت ہے اور کون جمع کثرت، اور کون ثلاثی کی جمع اور کون رباعی اور کون خماسی کی، اور ان جمع کے واحد بھی بتاؤ؟

جواب:۔ تمام سوالات کے علیحدہ علیحدہ جوابات دئے جاتے ہیں۔

جمع تکسیر	جمع تکسیر	جمع تکسیر	جمع تصحیح
اخیارٌ	رقابٌ	قُفزانٌ	مصطفون
مضاجعٌ	اعربۃٌ	اصابعٌ	مُتقُونَ
شموسٌ	منادیلٌ	قنادیلٌ	قانتاتٌ
عقاربُ	منازلٌ	عصافیرٌ	جفناتٌ
دراھمٌ	انفس	غزلَۃٌ	رقباتٌ
براثنٌ	ارجلٌ	صبناءٌ	اعلَوْنَ
سفارجٌ	علماءُ		مصطفَینَ
ھزابر	غزلانٌ		سدراتٌ
کھوذ	رُکسٌ		الصالحات

جمع تکسیر	جمع تکسیر	جمع تصحیح
اہالٌ	کنزٌ	
آذانٌ	صبائلُ	
قدورٌ	کلالبُ	
اہباتٌ	القطار	

رکبٌ قذلٌ

تمام جمعوں کے واحد:

جمع	واحد	معنیٰ
مصطفون	مصطفی	چنا ہوا
رکوباتٌ	رکوبۃ	سواری کا جانور
اخیارٌ	خیرٌ	زیادہ اچھا
اصابع	اصبع	انگلی
متقون	متقی	تقویٰ اختیار کرنے والا
قنادیل	قندیل	لالٹین، فانوس
قانتاتٌ	قانتۃٌ	پرہیزگار عورت
عصافیر	عصفور	چڑیا
مضاجع	مضجع	بستر، پلنگ
غزلۃ	غزال	ہرن، ہرنی کا بچہ
شموس	شمس	سورج
حبناءُ	حابن	بڑے پیٹ والا
عقارب	عقرب	بچھو
علماء	عالم	عالم، جاننے والا

جمع	واحد	معنیٰ
دراھم	درھم	درہم
رقبات	رقبۃ	گردن، ذات انسانی
ہرائنٌ	ہرلن	درندے کا بچہ
غزلان	غزال	ہرن، ہرنی کا بچہ

جمع	واحد	معنی
سفارج	سفرجل	بہی، ناشپاتی
اعلون	اعلیٰ	بلند
هزابر	هزبر	شیر ببر
مصطفین	مصطفی	چنا ہوا
کبود	کبدٌ	آسمان کا بیچ، ہاتھ کی چکی
دعیً	داعٍ	دعوت دینے والا
ابال	ابل	اونٹ
کُنُزٌ	کناز	پر گوشت، طاقتور
اذانٌ	اذن	کان
صیاقل	صیقل	پالش کا کام کرنے والا
قدور	قدر	ہانڈی
کلالیب	کلابٌ	دانت اکاڑنے کا زنبور
ابیات	بیت	گھر، شعر
سدرات	سدرة	بیری کا درخت
جفناتٌ	جفنة	بڑا پیالہ
اقطارٌ	قطرٌ	گوشہ، جانب
رُكَبَةٌ	رکبة	گھٹنا، زانو
قُذُلٌ	قذالٌ	گُدّی
رقابٌ	رقبةٌ	گردن، ذات انسانی
منادیل	مندیلٌ	رومال
اغربة	غراب	کوا

منازل	منزل	گھر
قفزان	قفیزٌ	قدیم زمانہ کا ایک پیمانہ
انفس	نفس	روح جان
ارجل	رجل	پاؤں
الصالحات	صالحة	نیک عورت

جمع مذکر سالم	جمع مؤنث سالم	جمع کثرت
مصْطَفَوْن	قَانِتَاتٌ	جبناء
مُتَّقُوْنَ	جَفْنَاتٌ	علماء
مُصْطَفَيْنَ	رَقَبَاتٌ	غزلان
	سِدْرَاتٌ	دُعًى
	الصَّالِحَات	كنزٌ
	رکُوبَاتٌ	صياقل
		كلاليب
		قُذُلٌ
		مناديل
		منازل
		الصالحات

جمع قلت	جمع کثرت
انهار	مضاجع
معقون	شموس
قانتات	عقارب

اباِلٌ	دراهم
آذان	براثن
ابیات	سفارج
جفناتٌ	هزابه
اغربة	کبود
غِزْلَةٌ	قدور
رقبات	رکب
مصطفین	رقاب
سدرات	قفزان
انفس	قنادیل
ارجل	عصافیر

جمع رباعی وخماسی

مضاجع	منازل
عقارب	سفارج
دراهم	قنادیل
براثن	عصافیر
هزابه	منادیل
اصابع	صیاقل

اس کے علاوہ سارے ثلاثی کی جمع ہے۔

سوال:۔ ذیل کے واحد کے صیغوں کی جمع بناؤ؟

جواب:۔ ہر واحد کے ساتھ جمع لکھی جاتی ہے۔

واحد	جمع	واحد	جمع
قول	اقوال	فعل	افعال
ضارب	ضاربون	مشرق	مشارق
مسلمة	مسلمات	صلوٰة	صلوات
راس	روؤس	كاس	اكواس
مصباح	مصابيح	مدخل	مداخل
عين	اعيان	ذئب	ذئاب
مغرب	مغارب	غلام	غلمان
اب	اباء		
اخ	اخوة		
ابن	ابناء		
بنت	بنات		
شفة	شفات		
فم	افواه		

مشق نمبر ﴿۱۲﴾

ذیل کی مثالوں میں ہر اسم کو اسم معرب کی سولہ قسموں میں سے بتاؤ کونسی قسم ہے اور اگر غیر منصرف ہے تو نو اسباب میں کون سے دو سبب اس میں ہیں اور رفع ونصب وجر میں سے کونسی حالت میں ہے اور ترکیب وترجمہ بھی کرو؟

جواب:۔ ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ ہوگی اور بضمن ترکیب امور مطلوبہ کی وضاحت ہوگی۔

نَبِيُّنَا مُحَمَّدٌ: ہمارے نبی محمدؐ ہے۔

نبی مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف نا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ محمد مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَكَّةُ بَلْدَةٌ مُبَارَكَةٌ: مکہ مبارک شہر ہے۔

مکۃ غیر منصرف بوجہ علمیت وتانیث درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ بلدۃ مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً درحالت رفعی موصوف مبارکۃ مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً در حالت رفعی صفت ،موصوف صفت ملکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ ثَالِثُ الْخُلَفَاءِ: حضرت عثمانؓ تیسرے خلیفہ ہیں۔

عثمان غیر منصرف بوجہ علمیت والف نون زائدتان درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ، رضی فعل لفظ اللہ فاعل عنہ جار مجرور متعلق رضی کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ معنیً انشائیہ ثالث مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً در حالت رفعی مضاف الخلفاء غیر منصرف بوجہ الف ممدودہ یہاں کسرہ داخل ہوا ہے بوجہ الف لام در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ

ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُبُوْرُ الصُّلَحَاءِ رِيَاضٌ: نیک لوگوں کی قبریں باغیچے ہیں۔

قبور جمع مکسر منصرف در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف الصلحاء الخلفاء کی طرح ہے مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ ریاض جمع مکسر منصرف درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ: نیک عورتیں فرمانبردار ہیں۔

الصالحات جمع مؤنث سالم در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ قانتات جمع مونث سالم در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْكِحُوْا مُسْلِمَاتٍ: مسلمان عورتوں سے نکاح کرو۔

انکحوا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فتح یفتح واو ضمیر بارز اس کا فاعل مسلمات جمع مونث سالم در حالت نصبی منصوب بکسرہ لفظاً مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْآيَاتِ: اللہ بیان کرتا ہے تمہارے لئے آیات۔

یبین صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف یائی از تفعیل فعل لفظ اللہ فاعل لکم جار مجرور متعلق یبین کے ساتھ الآیات جمع مؤنث سالم در حالت نصبی منصوب بکسرہ لفظاً مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ: ابراہیم علیہ السلام اللہ کے خلیل (دوست) ہے۔

ابراہیم غیر منصرف بوجہ علیت وعجمہ درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ، خلیل مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً در حالت رفعی مضاف لفظ اللہ مفرد منصرف صحیح درحالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِسْمٰعِيْلُ ذَبِيْحُ اللّٰهِ: اسمٰعیل علیہ السلام ذبیح اللہ ہے۔

اسمٰعیل غیر منصرف بوجہ علیت وعجمہ درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ ذبیح مفرد منصرف صحیح

در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ: میں پاتا ہوں یوسف کی خوشبو۔

لام تاکید اجد فعل فاعل ریح مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف یوسف غیر منصرف بوجہ علمیت و وزن فعل در حالت جری مجرور بفتحہ لفظا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بَشَّرْنَاهُ بِاِسْحٰقَ: ہم نے اس کو (ابراہیم) اسحٰق کی خوشخبری دی۔

بشرنا فعل فاعل ہ ضمیر مفعول بہ با جارہ اسحٰق غیر منصرف بوجہ علمیت و عجمہ در حالت جری مجرور بفتحہ لفظاً مجرور جار مجرور متعلق بشرنا کے ساتھ فعل فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

اِسْمُهٗ اَحْمَدُ: ان کا نام احمد ہے۔

اسم مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ احمد غیر منصرف در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً بوجہ علمیت و وزن فعل خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا زَوْجَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حضرت عائشہؓ رسول اللہ ﷺ کی بیوی ہے۔

عائشۃ غیر منصرف بوجہ علمیت و تانیث در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ، رضی فعل لفظ اللہ فاعل عنہا جار مجرور متعلق رضی کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ لفظاً انشائیہ معنیٰ معترضہ۔ زوجۃ مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف النبی مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا صلی فعل لفظ اللہ فاعل علیہ جار مجرور متعلق صلی کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر معطوف علیہ واو عاطفہ سلم فعل فاعل معطوف، معطوف علیہ معطوف ملکر جملہ معطوفہ معترضہ۔

سَيِّدَةُ النِّسَاءِ فَاطِمَةُ: عورتوں کی سردار حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہے۔

سیدہ مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف النساء غیر منصرف بوجہ الف ممدودہ یہاں الف لام کی وجہ سے کسرہ داخل ہوا ہے در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ، فاطمۃ غیر منصرف بوجہ علمیت وتانیث در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَیِّدُ الشُّھَدَاءِ حَمْزَۃُ: شہیدوں کے سردار حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ ہے۔

سید مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف الشہداء الخلفاء کی طرح ہے مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مبتدأ حمزۃ غیر منصرف بوجہ علمیت وتانیث در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَحْسَنُ الْقَصَصِ ھٰذَا الْقُرْآنُ: یہ قرآن بہترین بیان ہے۔

احسن غیر منصرف بوجہ وزن فعل ووصف در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف القصص جمع مکسر منصرف در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ، ہذا اسم اشارہ القرآن مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مشار الیہ اشارہ مشار الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ: قرآن اگر قرن سے ہو پھر منصرف ہے اور اگر قرأ سے ہو تو پھر غیر منصرف ہے۔

خَیْرُ الْبِقَاعِ مَسَاجِدُ: بہترین جگہیں مساجد ہیں۔

نوٹ :۔خیر اگر اصل کے اعتبار سے خیر لیا جائے (دراصل اخیر بود) تو پھر غیر منصرف ہے (وصف اور وزن فعل کے اعتبار سے) خیر مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف البقاع جمع مکسر منصرف در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، مساجد غیر منصرف بوجہ جمع منتہی الجموع در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْاَھِلَّۃُ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ: چاند لوگوں کے اوقات مقررہ ہیں۔

الاہلۃ جمع مکسر منصرف در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ، مواقیت غیر منصرف بوجہ جمع منتہی الجموع در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ ثانی، للناس جار مجرور متعلق ثابتۃ کے ساتھ پھر خبر مبتدأ ثانی

کے لئے مبتدأ خبر ملکر جملہ خبر مبتدأ اول کے لئے ۔مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هَذَا جِرْوُ ذِئْبٍ: یہ بھیڑیے کا بچہ ہے۔

ہذا اسم اشارہ مشار الیہ الشئی محذوف سے ملکر مبتدأ جرو مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف ذئب مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَصَّ الْوَلَدُ ثَدْيَ أُمِّهِ: بچے نے اپنے ماں کی چھاتی چوس لی۔

مص صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از (س،ن) فعل الولد مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً فاعل ثدی مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف ام مفرد منصرف صحیح در حالت جری ضمیر مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف، مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مضاف الیہ ہوا ثدی کے لئے مضاف مضاف الیہ مفعول بہ ہوا مص فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِتَّبِعُوا مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ: ملت ابراہیمی کی تابعداری کرو۔

اتبعوا فعل فاعل ملۃ مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف ابراہیم غیر منصرف بوجہ علیت وعجمہ مجرور بفتحہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول ہوا اتبعوا فعل کے لئے فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِذْ يَرْفَعُ اِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ: (اس وقت کو یاد کرو) جب ابراہیم بنیادوں کو بلند کررہے تھے۔

اذ ظرف فیہ مضاف یرفع فعل ابراہیم غیر منصرف بوجہ علیت وعجمہ فاعل القواعد (غیر منصرف ہے لیکن بحکم منصرف ہے کیونکہ الف لام داخل ہے) غیر منصرف بوجہ منتہی الجموع در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ ہوا اذ مضاف کے لئے، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا فعل محذوف کا فعل فاعل اور مفعول فیہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ: ہم نے ان پر پاک چیزیں حرام کی تھی۔

حرمنا فعل فاعل علیہم جار مجرور متعلق حرمنا کے ساتھ طیبات جمع مؤنث سالم در حالت نصبی منصوب بکسرہ لفظاً مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ: حلال کی گئی ہیں تمہارے لئے پاک چیزیں۔

احل فعل مجہول لکم جار مجرور متعلق احل کے ساتھ الطیبات جمع مؤنث سالم حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً نائب فاعل فعل نائب فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ: حرام کی گئی ہیں تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں اور پھوپھیاں۔

حرمت فعل مجہول علیکم جار مجرور متعلق حرمت کے ساتھ امہات جمع مؤنث سالم درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف کم ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر معطوف علیہ واو عاطفہ بناتکم جمع مؤنث سالم در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف کم مضاف الیہ ملکر معطوف اول واخواتکم جمع مؤنث سالم در حالت رفعی ،مضاف کم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر معطوف ثانی وعماتکم جمع مؤنث سالم درحالت رفعی مضاف کم مضاف الیہ ملکر معطوف ثالث معطوف علیہ اپنے معطوفات سے ملکر نائب فاعل ہوا حرمت کا حرمت فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

أَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ: بہترین راستہ محمد ﷺ کا راستہ ہے۔

احسن غیر منصرف بوجہ وصف اور وزن فعل مرفوع بضمہ لفظاً مضاف الہدی مفرد منصرف جاری مجری صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ ہدی مضاف محمد مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر ،مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

﴿مشق نمبر ۱۳﴾

امثلہ مذکورہ میں ہر اسم کو سولہ قسموں میں سے بتاؤ کہ کونسی قسم ہے اور تینوں حالت میں سے کس حالت میں ہے اور ترکیب وترجمہ بھی کرو؟

جواب:۔ ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کریں گے اور بضمن ترکیب امور مطلوبہ کی وضاحت کریں گے۔

اَبُوْنَا آدَمُ: ہمارے اباجان آدم علیہ السلام ہے۔

ابو از اسماء ستہ مکبرہ درحالت رفعی مرفوع بالواو لفظاً مضاف نا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ، آدم غیر منصرف در حالت رفعی بسبب علمیت اور عجمہ مرفوع بضمہ لفظاً خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَبُوْکَ رَجُلٌ صَالِحٌ: تیرا باپ نیک آدمی ہے۔

ابو مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، رجل مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً موصوف صالح مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً صفت موصوف صفت ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ اَبُوْ هُمْ: ان کے باپ نے کہا۔

قال فعل ابو از اسماء ستہ مکبرہ در حالت رفعی مرفوع بالواؤ لفظاً مضاف ہم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَخُوْنَا عُمَرُ: ہمارا بھائی عمر ہے۔

اخو از اسماء ستہ مکبرہ در حالت رفعی مرفوع بالواؤ لفظاً مضاف نا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، عمر غیر منصرف عدل اور علمیت کی وجہ سے در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِجْعَلْنَا مُسْلِمِیْنَ: بنادے ہمیں مسلمان۔

جعل فعل فاعل نا مفعول اول مسلمین جمع مذکر سالم در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول ثانی فعل فاعل اور مفعولین ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔

ضَرَبْتُ اَخَاکَ: میں نے تیرے بھائی کو مارا۔

ضربت فعل فاعل اخاک اخا از اسماء ستہ مکبرہ در حالت نصبی منصوب بالالف لفظاً مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِضْرِبْ لَهُمْ مَثَلَ الرَّجُلَيْنِ: بیان کردے انہیں مثال دو آدمیوں کی۔

اضرب فعل فاعل لہم جار مجرور متعلق اضرب کے ساتھ مثل مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف الرجلین تثنیہ درحالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ: بنایا تھا ہم نے ان میں سے ایک لئے باغ۔

جعلنا فعل فاعل لام جار احد مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف ہما مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق جعلنا کے ساتھ جنتین تثنیہ در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَنَا اَخُوْکَ: میں تیرا بھائی ہوں۔

انا مبتدأ اخوک از اسماء ستہ مکبرہ درحالت رفعی مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ: رکھ دیا پینے کا برتن بوجھ میں اپنے بھائی کے یا رکھا انہوں نے پیانہ اپنے بھائی کے کجاوے میں۔

جعل فعل فاعل السقایۃ مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول بہ فی جارہ رحل مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف اخیہ اخی از اسماء ستہ مکبرہ در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مضاف الیہ ہوا رحل مضاف کا مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور ہوا فی جارہ کے لئے جار مجرور متعلق ہوا جعل فعل کے ساتھ فعل فاعل

مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

دَخلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَان: داخل ہوئے اس کے ساتھ دو آدمی جیل۔

دخل فعل معہ مضاف مضاف الیہ مفعول فیہ السجن مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول بہ فتیان تثنیہ در حالت رفعی مرفوع بالالف لفظاً فاعل۔ فعل فاعل مفعول فیہ اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَرْسَلْنَا اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ: بھیجے ہم نے ان کی طرف دو آدمی۔

ارسلنا فعل فاعل الیہم جار مجرور متعلق ارسلنا فعل کے ساتھ اثنین تثنیہ در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَخُوكَ مَنْ وَاسَاكَ: تیرا بھائی وہ ہے جو تیرے ساتھ ہمدردی کرے۔

اخو از اسمائے ستہ مکبرہ در حالت رفعی مرفوع بالواو لفظاً مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، من موصولہ واسا فعل فاعل ک ضمیر مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ ملکر صلہ موصول صلہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَانِ سَاحِرَانِ: یہ دو آدمی جادوگر ہیں۔

ہذان اسم اشارہ الرجلان مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ، ساحران تثنیہ در حالت رفعی مرفوع بالالف لفظاً خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُطْرُدْ هَاتَيْنِ الْكَلْبَتَيْنِ: ان دو کتیوں کو بھگا دیں۔

اطرد فعل فاعل ہاتین تثنیہ در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً اسم اشارہ الکلبتین تثنیہ در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مشار الیہ اشارہ مشار الیہ ملکر مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فِيهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتَانِ: ان میں (جنتوں) دو چشمے ابلتے ہیں۔

فیہما جار مجرور ثابتان مقدر سے ملکر خبر مقدم، عینان تثنیہ در حالت رفعی مرفوع بالالف لفظاً موصوف نضاختان تثنیہ در حالت رفعی مرفوع بالالف لفظاً صفت موصوف صفت ملکر مبتدأ موخر مبتدأ اور

خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُمَا مُدْهَامَّتَانِ: وہ دونوں گہرے سبز ہیں جیسے سیاہ۔

ہما مبتدأ مدہامتان تثنیہ در حالت رفعی مرفوع بالالف لفظاً خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ ذُوْعِلْمٍ: وہ علم والا ہے۔

ہو مبتدأ ذو از اسماء ستہ مکبرہ در حالت رفعی مرفوع بالواوَ لفظاً مضاف علم مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زَيْدٌ ذُوْ عَقْلٍ: زید عقل والا ہے۔

زید مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ، ذو از اسمائے ستہ مکبرہ در حالت رفعی مضاف عقل مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَأَيْتُ رَجُلاً ذَا فَهْمٍ: میں نے عقل مند آدمی کو دیکھا۔

رأیت فعل فاعل رجلا مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً موصوف ذا از اسماء ستہ مکبرہ در حالت نصبی منصوب بالالف لفظاً مضاف فہم مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر صفت ہوا رجلا موصوف کا موصوف صفت ملکر مفعول بہ ہوا فعل فاعل مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ذِيْ لُبٍّ: میں عقل مند آدمی کے پاس سے گذرا۔

مررت فعل فاعل باجارہ رجل موصوف ذی از اسماء ستہ مکبرہ در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف لب مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر صفت موصوف صفت مجرور ہوا باجارہ کا جار مجرور متعلق ہوا مررت فعل کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا طَعَامٌ ذُوْمِلْحٍ: یہ طعام نمکین ہے۔

ہذا اسم اشارہ الشیٔ مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ طعام مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً موصوف ذو مضاف ملحٍ مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر صفت موصوف صفت ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فُوْهُ اَجْملُ مِنْ فِيْ زَيْدٍ: اس کی منہ زید کے منہ سے اچھی ہے۔

فو از اسماء ستہ مکبرہ در حالت رفعی مرفوع بالواؤ لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، اجمل غیر منصرف وصف اور وزن فعل کی وجہ سے در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً اسم تفضیل مستعمل بمن جارہ من جارہ فی از اسماء ستہ مکبرہ در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف زید مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور ہوا من حرف جار کا جار مجرور ملکر متعلق ہوا اجمل کے ساتھ اسم تفضیل اپنے متعلق سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حَمُوْکِ عَالِمٌ: تیرا دیور عالم ہے۔

حمو از اسماء ستہ مکبرہ در حالت رفعی مرفوع بالواؤ لفظاً مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ عالم مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَاَيْتُ حَمَاهَا فِيْ الدَّارِ: میں نے اس کے دیور کو گھر میں دیکھا۔

رایت فعل فاعل حما از اسماء ستہ مکبرہ در حالت نصبی منصوب بالالف لفظاً مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مفعول بہ فی جار الدار مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مجرور جار مجرور متعلق ہوا رایت فعل کے ساتھ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُسْتُرْ هَنَاکَ: اپنی شرم گاہ کو چھپا۔

استر صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر ینصر فعل فاعل ہنا از اسماء ستہ مکبرہ در حالت نصبی منصوب بالالف لفظاً مضاف ک مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ استر کا فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

حَضَرَنِيْ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا: میرے پاس وہ دونوں آدمی حاضر ہوئے۔

حضر فعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ مقدم منصوب محلا الرجلان تثنیہ در حالت رفعی مرفوع بالالف لفظاً مؤکد کلا ملحق بتثنیہ در حالت رفعی مرفوع بالالف لفظاً مضاف ہما مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر تاکید مؤکد تاکید ملکر فاعل ہوا حضر کا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِشْتَرَیْتُ اللَّحْمَ بِدِرْهَمَیْنِ: میں نے گوشت دو درہم کیساتھ خریدا۔

اشتریت صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال فعل فاعل اللحم مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول بہ با جارہ درہمین تثنیہ در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مجرور جار مجرور متعلق اشتریت کے ساتھ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بِعْتُ ثَوْبِیْ بِدِیْنَارَیْنِ: میں نے اپنا کپڑا دو دیناروں میں بیچا۔

بعت فعل فاعل ثوبی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم در حالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مفعول بہ با جارہ دینارین تثنیہ در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مجرور جار مجرور متعلق بعت کے ساتھ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَیُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰی اَبِیْنَا: البتہ یوسف اور اس کا بھائی زیادہ پیارا ہے ہمارے باپ کو۔

لام تاکیدیہ یوسف غیر منصرف بوجہ علمیت اور عجمہ کے در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً معطوف علیہ واو عاطفہ اخو از اسماء ستہ مکبرہ در حالت رفعی مرفوع بالواو لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر معطوف، معطوف علیہ معطوف ملکر مبتدأ احب غیر منصرف بوجہ وصف اور وزن فعل کے در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً اسم تفضیل اسمیں ہو ضمیر مرفوع متصل مستتر جائز الاستتار اس کا فاعل مرفوع محلا الی جارہ ابینا ابی از اسماء ستہ مکبرہ در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف نا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور متعلق احب کے ساتھ اسم تفضیل اپنے متعلق سے ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

طَعَامُ الْوَاحِدِ یَکْفِیْ الْاِثْنَیْنِ: ایک آدمی کا کھانا دو کو کافی ہوتا ہے۔

طعام مفرد منصرف صحیح در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف الواحد مفرد منصرف صحیح در

حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، یکفی فعل فاعل اثنین ملحق بتثنیہ در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا کے لئے مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۱۴﴾

ذیل کے جملوں میں ہر اسم کو معرب کی سولہ قسموں میں سے بتاؤ کہ کونسی قسم ہے اور کس حالت میں ہے۔

جواب:۔ترجمہ وترکیب ایک ساتھ کریں گے اور ترکیب کی ضمن میں امور مطلوبہ کی نشاندہی کریں گے۔

اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُولُوْالْاَلْبَابِ. یقیناً سوچتے وہی ہیں جن کو عقل ہے۔

ترکیب: ان حرف از حروف مشبہ بالفعل کافہ عن العمل یتذکر صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم باب تفعل اولو ملحق بجمع مذکر سالم در حالت رفعی مرفوع بالواو لفظاً مضاف الالباب جمع تکسر منصرف در حالت جری مجرور بالکسرہ لفظاً مضاف الیہ،مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل ہوا یتذکر کا فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَللّٰهُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ. اللہ مددگار ہے مومنوں کا۔

اللہ مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً درحالت رفعی مبتدأ ولی مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح مرفوع بضمہ لفظاً در حالت رفعی مضاف المؤمنین جمع مذکر سالم در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف الیہ مضاف ومضاف ۔ ملکر خبر مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ. مؤمنوں کے لئے مغفرت طلب کیجئے۔

استغفر صیغہ واحد مذکر امر حاضر معروف اس میں ضمیر مستتر انت اس کا فاعل لام حرف جار مؤمنین جمع مذکر سالم در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا استغفر کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

ھٰذَا اَخِیْ. یہ میرا بھائی ہے۔

ہٰذا اسم اشارہ مشار الیہ الرجل محذوف کے ساتھ ملکر مبتدأ اخی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مجرور محلاً مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ مُوْسٰی لِاَخِیْہِ: موسیٰ نے اپنے بھائی سے کہا۔

قال فعل ماضی معلوم موسیٰ اسم مقصور درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً فاعل لام جار اخی یکے از اسماء ستہ مکبرہ درحالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا قال فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِسْمُہٗ یَحْیٰی: اس کا نام یحییٰ ہے۔

اسم مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ یحییٰ اسم مقصور درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھٰذَا کِتَابِیْ: یہ میرا کتاب ہے۔

ہٰذا اسم اشارہ الشئی مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ کتابی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھُوَ عَبْدِیْ: وہ میرا غلام ہے۔

ہو مبتدأ مرفوع محلاً عبدی غیر جمع مذکر سالم درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھٰؤُلَاءِ اِخْوَتِیْ: یہ میرے بھائی ہے۔

ہؤلاء مبتدأ مرفوع محلاً اخوتی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف، ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُذْکُرُوْا نِعْمَتِیْ: میرے نعمتوں کو یاد کرو۔

اذکرو صیغہ جمع مذکر امر حاضر معلوم واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل نعمتی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم درحالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شیءٍ: میری رحمت شامل ہے ہر چیز کو۔

رحمتی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ی مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ وسعت فعل اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل مرفوع محلاً کل مفرد منصرف صحیح درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف شئی مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُوْلٰئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ: وہی ہیں مراد کو پہنچنے والے۔

اولئک اسم اشارہ مشار الیہ محذوف الرجال سے ملکر مبتدأ ہم مبتدأ ثانی المفلحون جمع مذکر سالم در حالت رفعی مرفوع بالواؤ لفظاً خبر مبتدأ خبر ملکر خبر ہوا مبتدا اول کے لئے مبتدأ اپنے خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ مُسْتَھْزِؤُنَ: ہم تو ہنسی کرتے ہیں۔

نحن مبتدأ مستہزؤن جمع مذکر سالم درحالت رفعی مرفوع بالواؤ لفظاً خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ: کافروں کی اطاعت نہ کر۔

لا نافیہ تطع فعل اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل الکافرین جمع مذکر سالم درحالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ نافیہ ہوا۔

ھُوَ خَیْرُ الْحَاکِمِیْنَ: وہ ہے سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا۔

ہو مبتدأ خیر مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً در حالت رفعی مضاف الحاکمین جمع مذکر سالم درحالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ

خبریہ ہوا۔

هُمْ اُوْلُو الْعَقْلِ: وہ لوگ عقل والے ہیں۔

ہم مبتدأ اولو ملحق بجمع مذکر سالم درحالت رفعی مرفوع بالواؤ لفظاً مضاف عقل مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَرَرْتُ بِسَبْعِيْنَ رَجُلاً: میں ستر آدمیوں کے پاس سے گذرا۔

مررت فعل بافاعل باء حرف جر سبعین عشرون تا تسعون (ملحق بجمع مذکر سالم) درحالت جری مجرور بالیاء لفظاً ممیز رجلا مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً تمیز ممیز تمیز ملکر مجرور ہوا جار کا مجرور جار ملکر متعلق ہوا مررت فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو۔

اَللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ: اللہ پسند کرتا ہے نیکو کاروں کو:

اللہ مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ، یحب فعل اس میں ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل المحسنین جمع مذکر سالم درحالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بَلَغَ الْعُلٰى بِكَمَالِهٖ: وہ (آپ ﷺ) پہنچے بلندی کو اپنے کمال کے ساتھ۔

بلغ فعل ماضی معلوم اس میں ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل العلیٰ اسم مقصور در حالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً مفعول بہ باء حرف جار کمال مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف ہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور ہوا باء جار کا جار مجرور متعلق ہوا بلغ فعل کے ساتھ تو فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

كَشَفَ الدُّجٰى بِجَمَالِهٖ: اس نے ہٹادیا اندھیرا اپنے جمال کے ساتھ۔

کشف فعل ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل الدجیٰ اسم مقصور در حالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً مفعول بہ ب حرف جر جمال مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا کشف فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ: فساد کرنے والوں کے راہ کی تابعداری نہ کرو

لاتتبع فعل فاعل سبیل مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف المفسدین جمع مذکر سالم در حالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَالَ قَلْبِيْ: میرا دل مائل ہوا۔

مال فعل قلبی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم در حالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ی ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَبِّيَ اللّٰهُ: میرا رب اللہ ہے۔

ربی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم در حالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، اللہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ: ہم بدلہ دیتے ہیں نیکو کاروں کو۔

نجزی فعل فاعل المحسنین جمع مذکر سالم در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا صِرَاطِيْ: یہ میرا راستہ ہے۔

ہذا اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ صراطی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم در حالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً: ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس راتوں کا وعدہ لیا۔

واعدنا فعل فاعل موسیٰ اسم مقصور در حالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً مفعول اول ثلثین، عشرون تا تسعون در حالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً ممیز لیلۃ تمیز مفرد منصرف صحیح ممیز تمیز ملکر مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور مفعولین سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُدْخُلِیْ فِیْ جَنَّتِیْ: داخل ہو جا میری جنت میں۔

ادخلی صیغہ واحد مؤنث امر حاضر معلوم اس میں ی ضمیر بارز اس کا فاعل فی حرف جار جنتی غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم در حالت جری مجرور بکسرہ تقدیراً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ادخلی فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ عَلٰى اِخْوَتِكَ: مت بیان کر خواب اپنا اپنے بھائیوں کے آگے۔

لا ناہیہ تقصص فعل فاعل رؤیا اسم مقصور در حالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ علیٰ حرف جار اخوۃ جمع مکسر منصرف مجرور بکسرہ لفظاً در حالت جری مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا لاتقصص کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر﴿۱۵﴾

ذیل کے مثالوں میں ہر اسم کو بتاؤ کہ سولہ اقسام میں سے کونسی قسم ہے اور حالت رفعی نصبی وجری میں سے کس حالت میں ہے؟

جواب:۔ترکیب کی صورت میں امور مطلوبہ کی نشاندہی کریں گے۔

اِقْضِ مَا اَنْتَ قَاضٍ: تو کر گذر جو تجھ کو کرنا ہے۔

اقض فعل فاعل ما موصولہ انت مبتدأ قاض اسم منقوص در حالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ موصول صلہ ملکر مفعول ہوا اقض فعل کا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَلدَّاعِیَ اللّٰهُ: داعی (دعوت دینے والا) اللہ ہے۔

الداعی اسم منقوص در حالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مبتدأ اللہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ

ہوا۔

لَقِیْتُ مُکْرِمِیَّ: میں اپنے عزت کرنے والوں سے ملا۔

لقیت فعل فاعل مکرمی جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم درحالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول ہوا فعل کا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَرَیْنَاہُ آیَاتِنَا: دکھادی اس کو ہم نے اپنی آیات (نشانیاں)

اریٰنا فعل فاعل ہ ضمیر مفعول اول آیات جمع مؤنث سالم در حالت نصبی منصوب بکسرہ لفظاً مضاف نا ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَوَلّٰی فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ کَیْدَہٗ: الٹا پھرا فرعون پھر جمع کئے اپنے سارے داؤ۔

تولی فعل فرعون غیر منصرف (عجمہ، علم) در حالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ فاء عاطفہ جمع فعل اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل کید مفرد منصرف صحیح در حالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف معطوف علیہ ملکر جملہ معطوفہ۔

اَرَاہُ الْاٰیَۃَ الْکُبْرٰی: اس نے (موسیٰ) اس (فرعون) کو دکھادی بڑی نشانی۔

ارا فعل اس میں ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل ہ ضمیر مفعول اول الآیۃ مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً موصوف الکبریٰ اسم مقصور در حالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً صفت موصوف صفت ملکر مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بِعِ الدُّنْیَا بِالْآخِرَۃِ: دنیا کو آخرت کے عوض بیچ دے۔

بع فعل امر اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل الدنیا اسم مقصور درحالت نصبی منصوب بفتحہ تقدیراً مفعول بہ باء حرف جار الآخرۃ مفرد منصرف صحیح در حالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مجرور جار مجرور ملکر

متعلق ہوا بافعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

هُوَ رَاضٍ عَنْکَ: وہ تجھ سے راضی ہے۔

ہو مبتدأ راض اسم منقوص درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً اسم فاعل اس میں ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل عن حرف جار ک مجرور جار مجرور متعلق ہوا راض کے ساتھ اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جَاءَهُ الْاَعْمٰی: آیا اس کے پاس اندھا۔

جاء فعل ہ ضمیر مفعول بہ منصوب محلا الاعمیٰ اسم مقصور درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ الْمَسِیْحُ اُعْبُدُوا اللّٰہَ: کہا مسیح (عیسیٰ) نے اللہ کی بندگی (عبادت) کرو۔

قال فعل المسیح مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً درحالت رفعی فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول، اعبدوا صیغہ جمع مذکر امر حاضر معلوم واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل اللہ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوکر مقولہ، قول مقولہ ملکر جملہ قولیہ۔

اَلْمَعَاصِیْ مُهْلِكَةٌ: گناہ ہلاک کرنے والی ہیں۔

المعاصی اسم منقوص درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مبتدأ مہلکۃ مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً درحالت رفعی خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَأْوَی الْكَافِرِیْنَ جَهَنَّمُ: کافروں کا ٹھکانا جہنم ہے۔

ماویٰ اسم مقصور درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف الکافرین جمع مذکر سالم درحالت جری منصوب بالیاء لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ جہنم غیر منصرف درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عُقْبَی الْكَافِرِیْنَ النَّارُ: کافروں کا انجام آگ ہے۔

عقبیٰ اسم مقصور درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف الکافرین جمع مذکر سالم درحالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، النار مفرد منصرف صحیح درحالت رفعی مرفوع

بضمہ لفظاً خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ مُوْسٰی لِفَتَاهُ: کہا موسیٰ علیہ السلام نے اپنے جوان سے۔

قال فعل موسیٰ اسم مقصور درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً فاعل لام حرف جار فتا اسم مقصور درحالت جری مجرور بکسرہ تقدیراً مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا قال فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَسْئَلُوْنَکَ عَنْ ذِی الْقَرْنَیْنِ: وہ لوگ تجھ سے ذوالقرنین کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔

یسئلون فعل فاعل ک ضمیر مفعول بہ عن حرف جار ذی یکے از اسماء ستہ مکبرہ درحالت جری مجرور بالیاء لفظاً مضاف القرنین تثنیہ مجرور بالیاء لفظاً درحالت جری مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرو ملکر متعلق ہوا یسئلون فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِبْرَاهِیْمَ: ذکور کر کتاب میں ابراہیم کا۔

اذکر صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معلوم اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل فی حرف جار الکتاب مفرد منصرف صحیح درحالت جری مجرور بالکسرہ لفظاً مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا اذکر فعل کے ساتھ ابراہیم غیر منصرف درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل متعلق اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

ضَاقَ صَدْرِیْ: میرا سینہ تنگ ہوا۔

ضاق فعل صدری غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم مرفوع بضمہ تقدیراً مضاف ، ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَةِ: مجلسیں امانت ہوتی ہیں۔

المجالس جمع مکسر غیر منصرف مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ باء حرف جار الامانۃ مفرد منصرف صحیح مجرور بکسرہ لفظاً درحالت جری مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابتۃ کے ساتھ ثابتۃ صیغہ اسم فاعل اس میں ہی

ضمیر اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ خبر ہوا مبتدأ کا مبتدأ اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا: مال اور بیٹے رونق ہیں دنیا کی زندگی میں۔

المال مفرد منصرف صحیح مرفوع بضمہ لفظاً درحالت رفعی معطوف علیہ واو حرف عطف البنون جمع مذکر سالم درحالت رفعی مرفوع بالواو لفظاً معطوف علیہ معطوف ملکر مبتدأ زینۃ مفرد منصرف صحیح درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مضاف الحیوۃ مفرد منصرف صحیح درحالت جری مجرور بکسرہ لفظاً موصوف الدنیا اسم مقصور درحالت جری مجرور بکسرہ تقدیراً صفت، موصوف صفت ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ: دیتے ہیں انگلیاں اپنے کانوں میں۔

یجعلون فعل فاعل اصابع جمع مکسر غیر منصرف درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مضاف ہم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فی حرف جار اذان جمع مکسر منصرف درحالت جری مجرور بکسرہ لفظاً مضاف ہم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا یجعلون فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ: سکھلا دیئے اللہ نے آدم علیہ السلام کو نام۔

علم فعل فاعل ادم غیر منصرف درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول اول الاسماء جمع مکسر منصرف درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ: پاس مت جانا (تم دونوں) اس درخت کے۔

لا تقربا فعل فاعل ہذہ اسم اشارہ الشجرۃ مفرد منصرف صحیح درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مشار الیہ اشارہ مشار الیہ ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ: صبر کرنے والوں کو خوشخبری دیجئے۔

بشر فعل فاعل الصابرین جمع مذکر سالم درحالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ، فعل اپنے

فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ: ان پر رحمتیں ہیں۔

علیہم جار مجرور ملکر متعلق ثابتۃ مقدر کیساتھ ثابتۃ صیغہ اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر مقدم صلوٰت جمع مؤنث سالم درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً مبتدأ مؤخر مبتدأ مؤخر اپنے خبر مقدم کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَللّٰهُ لَا يَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ: اللہ ہدایت نہیں دیتا ظالموں کو۔

اللہ مبتدأ لا یہدی فعل فاعل الظالمین جمع مذکر سالم درحالت نصبی منصوب بالیاء لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عِنْدِىْ سِتُّوْنَ رَجُلاً: میرے پاس ساٹھ آدمی ہیں۔

عندی مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا ثابت مقدر کے لئے، ثابت اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر خبر مقدم، ستون ممیز رجلا تمیز ممیز تمیز ملکر مبتدأ مؤخر، مبتدأ مؤخر اور خبر مقدم ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ: داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کیا۔

قتل فعل داؤد غیر منصرف درحالت رفعی مرفوع بضمہ لفظاً فاعل جالوت غیر منصرف درحالت نصبی منصوب بفتحہ لفظاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۱۶﴾

ذیل کے مثالوں میں مضارع کی قسمیں مع اعراب بیان کرو اور ترجمہ وترکیب بھی کرو؟

جواب:۔ ترکیب کے ضمن میں امور مطلوبہ کی نشاندہی کریں گے۔

لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ: میں نہیں پوجتا جس کو تم پوجتے ہو۔

لا نافیہ اعبد فعل مضارع قسم اول مرفوع بضمہ لفظاً فعل اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل ما

موصولہ تعبدون فعل مضارع قسم چہارم مرفوع باثبات نون، فعل واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول صلہ ملکر مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى: آگے دیگا تجھ کو تیرا رب پھر تو راضی ہوگا۔

لام تاکیدیہ ابتدائیہ سوف علامت فعل برائے استقبال یعطی فعل مضارع قسم دوم معتل یائی مرفوع بضمہ تقدیراً فعل ک ضمیر مفعول بہٖ ربک مضاف مضاف الیہ فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ف عاطفہ ترضی فعل مضارع قسم سوم معتل الفی درحالت رفعی مرفوع بضمہ تقدیراً فعل اس میں ضمیر مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف معطوف علیہ ملکر جملہ معطوفہ۔

يُرِيْدَانِ اَنْ يُّخْرِجَاكُمْ: دونوں چاہتے ہیں کہ تمہیں نکال دیں۔

یرید فعل مضارع قسم چہارم مرفوع باثبات نون فعل الف ضمیر بارز اس کا فاعل ان ناصبہ یخرجا فعل مضارع قسم چہارم درحالت نصبی منصوب بحذف نون فعل الف ضمیر بارز اس کا فاعل کم ضمیر مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتأ ویل مصدر مفعول بہٖ ہوا یریدان کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرَاتِ: وہی لوگ دوڑتے ہیں نیک کاموں پر۔

اولئک اسم اشارہ مشارالیہ محذوف سے ملکر مبتدأ یسارعون فعل مضارع قسم چہارم مرفوع باثبات نون فعل واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل فی حرف جار الخیرات مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا یسارعون فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُمْ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ: وہ کھلاتے ہیں کھانا۔

ہم مبتدأ یطعمون فعل مضارع قسم چہارم مرفوع باثبات نون واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل الطعام مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَنْ اُکَلِّمَ الْیَوْمَ: ہرگز بات نہیں کروں گا آج۔

لن ناصبہ اکلم فعل مضارع قسم اول منصوب بفتحہ لفظاً اس میں انا ضمیر اس کا فاعل الیوم مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ: کیا تو نے نہ دیکھا کیسا کیا تیرے رب نے۔

اُہمزہ برائے استفہام لم جازمہ تر فعل مضارع قسم سوم مجزوم بحذف لام ضمیر مستتر اس کا فاعل کیف مفعول فیہ مقدم برائے فَعَلَ، فعل ربک مضاف مضاف الیہ فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر محلاً منصوب مفعول بہ ہوا لم تر کا، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

هُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ: وہ ایمان نہیں لائیں گے۔

ہم مبتدأ لا نافیہ یومنون فعل مضارع قسم چہارم مرفوع باثبات نون فعل واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا تُخْزِنِیْ: رسوا نہ کر مجھ کو۔

لا ناہیہ جازمہ تخز فعل مضارع قسم دوم متصل یائی مجزوم بحذف لام فعل انت ضمیر مستتر اس کا فاعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ناہیہ ہوا۔

لَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّاراً: نہیں بنایا (اللہ نے) مجھ کو زبردست۔

لم جازمہ یجعل فعل مضارع مجزوم بسکون قسم اول فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ اول جباراً مفعول ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

لَنْ تَرْضٰی عَنْکَ الْیَهُوْدُ: ہرگز راضی نہ ہونگے تجھ سے یہود۔

لن ناصبہ ترضیٰ فعل مضارع قسم سوم معتل الفی منصوب بفتحہ تقدیراً فعل عن حرف جار ک مجرور جار مجرور متعلق ہوا فعل کے ساتھ الیہود فاعل ترضیٰ کا فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ: وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔

یہدی فعل مضارع قسم دوم معتل یائی مرفوع بضمہ تقدیراً فعل ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل من موصولہ یشاء فعل مضارع قسم اول مرفوع بضمہ لفظاً فعل ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ موصول صلہ مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰئِکَ لَمْ یُؤْمِنُوْا: وہ لوگ یقین نہیں لائے۔

اولئک اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر مبتدأ لم جازمہ یؤمنوا فعل مضارع قسم چہارم مجزوم بحذف نون فعل واو ضمیر بارز اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَمْ یَنَالُوْا خَیْراً: ان کے ہاتھ نہ لگی کچھ بھلائی۔

لم جازمہ ینالوا فعل مضارع قسم چہارم مجزوم بحذف نون واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل خیراً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ: غافل نہیں کرتا ان کو تجارت۔

لا نافیہ غیر عاملہ تلہی فعل مضارع قسم دوم مرفوع بضمہ تقدیراً فعل ہم ضمیر مفعول بہ تجارۃ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ: وہ خوش ہوتے ہیں۔

ہم مبتدأ یستبشرون فعل مضارع قسم چہارم مرفوع باثبات نون فعل واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَبْلُوْکُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ: ہم تمہیں آزمائیں گے شر اور خیر کے ساتھ۔

نبلو فعل مضارع قسم ثانی معتل واوی مرفوع بضمہ تقدیراً فعل اس میں ضمیر مستتر نحن اس کا فاعل کم ضمیر مفعول بہ با حرف جر الشر معطوف علیہ، واو حرف عطف الخیر معطوف، معطوف علیہ معطوف ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا نبلو فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

﴿مشق نمبر ۱۷﴾

امثلہ مذکورہ میں حروف جارہ اور ان کے عمل وتعلق میں غور کرو اور ترجمہ وترکیب کرو؟

جواب :۔ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کریں گے اور امور مطلوبہ کی وضاحت بضمن ترکیب ہوگی۔

مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ :. لوگوں میں سے بعض وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اللہ پر۔

من حرف جر الناس مجرور بوجہ من جار مجرور ملکر ظرف مستقر متعلق ہوا ثابت مقدر کے ساتھ ثابت اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر مقدم ۔من موصولہ یقول فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل فعل فاعل ملکر قول امنا فعل فاعل با حرف جر لفظ اللہ مجرور بوجہ باء ،جار مجرور ملکر متعلق ہوا امنا کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر مقولہ قول مقولہ ملکر صلہ موصول صلہ ملکر مبتداء مؤخر مبتدأ مؤخر خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَرْسَلْنَا اِلَيْهِمْ :. ہم نے بھیجا ان لوگوں کی طرف۔

ارسلنا فعل فاعل الی حرف جر ہم مجرور محلا جار مجرور متعلق ہوا ارسلنا کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ :. وہ داخل ہونگے اللہ کے دین میں۔

یدخلون فعل فاعل فی حرف جر دین مجرور بوجہ فی مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا یدخلون کے ساتھ ۔فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ :. آپ نے ان لوگوں پر انعام کیا۔

انعمت فعل فاعل علی حرف جار ہم مجرور محلا جار مجرور متعلق ہوا انعمت کے ساتھ فعل اپنے فاعل

اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ :. تمام تعریفیں خاص اللہ کے لئے ہیں۔

الحمد مبتدأ لام حرف جر لفظ اللہ مجرور جار مجرور ظرف مستقر متعلق ثابت مقدر کے ساتھ ثابت اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تَاللّٰہِ لَأَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ :. قسم اللہ کی میں علاج کروں گا تمہارے بتوں کا۔

تاء حرف جر برائے قسم لفظ اللہ مجرور، جار مجرور ملکر ظرف مستقر متعلق ہوا اقسم محذوف کے ساتھ اقسم فعل فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر قسم لاکیدن لام تاکیدیہ اکیدن فعل فاعل اصنامکم مضاف مضاف الیہ مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جواب قسم، قسم اور جواب قسم ملکر جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ :. اللہ ان سے راضی ہے۔

رضی فعل لفظ اللہ فاعل عن حرف جار، ہم مجرور جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوا رضی فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَضُوْا عَنْہُ :. وہ اللہ سے راضی ہیں۔

• رضوا فعل فاعل عن جارہٗ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا رضوا فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَجْہُ زَیْدٍ کَالْقَمَرِ :. زید کا چہرہ چاند کی طرح ہے۔

وجہ مضاف زید مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ، کاف حرف جر القمر مجرور جار مجرور ملکر ظرف مستقر متعلق ہوا ثابت مقدر کے ساتھ ثابت اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر ،مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ :. صدقات (زکوٰۃ) فقراء کا حق ہے۔

الصدقات مبتدأ، لام حرف جر الفقراء مجرور جار مجرور ظرف مستقر متعلق ثابتۃ کے ساتھ ثابتۃ اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر، مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَلَیْکُمْ وَقَارٌ :. تمہارے اوپر سنجیدگی ہے۔

علیکم جار مجرور ظرف مستقر متعلق ہوا ثابت کے ساتھ بتفصیل مذکور خبر مقدم وقار مبتدأ مؤخر ،مبتدأ موخر خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَهُمْ حُكُوْمَةٌ :. ان کے لئے حکومت ہے۔

لہم جار مجرور ظرف مستقر متعلق ہوا ثابت کے ساتھ بتفصیل مذکور خبر مقدم حکومۃ مبتدأ موخر مبتدأ مؤخر خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ ذَهَبِهٖ :. آدمی کا ادب (باادب ہونا) اس کے سونے سے بہتر ہے

ادب مضاف المرء مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، خیر اسم تفضیل اس میں ہو ضمیر مستتر اس کا فاعل من حرف جر ذہبہ ذہب مجرور مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ۔مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق ہوا خیر کے ساتھ اسم تفضیل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِسْتِرَاحَةُ النَّفْسِ فِي الْيَاسِ :. نفس کی استراحت (آرام) خانہ نشین ہونے میں ہے۔

استراحۃ مضاف النفس مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، فی حرف جر الیاس مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابتۃ کے ساتھ پھر بتفصیل مذکور خبر ،مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِخْفَاءُ الشَّدَائِدِ مِنَ الْمُرُوَّةِ :. سختیوں کو چھپانا مروۃ میں سے ہے۔

اخفاء مضاف الشدائد مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، من حرف جر المروۃ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابت کے ساتھ پھر بتفصیل مذکور خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْاِنْسَانُ مِنَ اللِّسَانِ :. انسان لسان (زبان) سے ہے۔

الانسان مبتدأ ،من حرف جر اللسان مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابت مقدر کے ساتھ پھر بتفصیل مذکور خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تَوَكَّلُوْا عَلَيْهِ :. اس پر (اللہ) توکل (بھروسہ) کرو۔

توکلوا فعل فاعل علی حرف جر ہ ضمیر مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق ہوا توکلوا کے ساتھ ،فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر ۔جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

دَوَاءُ الْقَلْبِ اَلرِّضَاءُ بِالْقَضَاءِ :. دل کی دوا قضاء پر راضی ہونا ہے۔

دواء مضاف القلب مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ الرضاء مصدر با جار القضاء مجرور جار مجرور متعلق ہوا الرضاء مصدر کے ساتھ مصدر اپنے متعلق سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَكُمْ دِيْنُكُمْ :. تمہارے لئے تمہارا دین ہے۔

لکم جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر خبر مقدم ،دینکم مضاف مضاف الیہ مبتدأ مؤخر مبتدأ مؤخر اپنے خبر مقدم کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَيْرُ الْمَالِ مَاأُنْفِقَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ :. بہترین مال وہ ہے جو اللہ کے راستے میں خرچ کیا جائے۔

خیر المال مضاف مضاف الیہ مبتدأ ،ما موصولہ انفق فعل مجہول اس میں ہوضمیر نائب فاعل فی حرف جار سبیل مضاف لفظ اللہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور ملکر متعلق ہوا انفق فعل کے ساتھ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر صلہ ،موصول صلہ ملکر خبر ،مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ :. ہم نے اس کو (قرآن) اتارا قدر کی رات۔

انزلنا فعل فاعل ہ ضمیر مفعول بہ فی حرف جار لیلۃ مضاف القدر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا انزلنا فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سُرُوْرُكَ بِالدُّنْيَا غُرُوْرٌ :. دنیا پر تیرا خوش ہونا دھوکہ ہے۔

سرور مصدر مضاف ک ضمیر مضاف الیہ با حرف جار الدنیا مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا سرور مصدر کے ساتھ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر مبتدأ غرور خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زِيَارَةُ الضُّعَفَاءِ مِنَ التَّوَاضُعِ :. کمزور لوگوں کی زیارت کرنا تواضع (عاجزی) میں سے ہے۔

ہوا ثابت مقدر کے ساتھ پھر بتفصیل مذکور خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

نُوْرُ الْمُؤْمِنِ مِنْ قِيَامِ اللَّيْلِ :. مومن کا نور قیام اللیل (رات کے عبادت) سے ہے۔

نور المؤمن مضاف مضاف الیہ مبتدأ من حرف جار قیام مضاف اللیل مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابت کے ساتھ پھر بتفصیل مذکور خبر ہوا مبتدأ کا مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَهُمْ فِيْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ :. ان کے لئے وہاں (جنت میں) عورتیں ہونگی پاکیزہ۔

لہم جار مجرور ظرف مستقر متعلق ہوا ثابتۃ مقدر کے ساتھ فیہا جار مجرور متعلق ثانی ہوا ثابتۃ کا پھر ثابتۃ اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے ملکر خبر مقدم ازواج موصوف مطہرۃ صفت، موصوف صفت ملکر مبتدأ موخر، مبتدأ موخر اپنے خبر مقدم کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَهْدِىْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ : وہ (اللہ) ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف۔

یہدی فعل فاعل من موصولہ یشاء فعل فاعل ملکر صلہ موصول صلہ ملکر مفعول بہ الی حرف جار صراط موصوف، مستقیم صفت موصوف صفت ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوا یہدی فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ :. اللہ ہی کی طرف تمام کام لوٹائیں جائیں گے۔

الیٰ حرف جار اللہ مجرور جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق مقدم ہوا ترجع کے لئے ترجع فعل مجہول الامور نائب فاعل فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَا تَدْخُلْ بَيْتًا حَتّٰى تَسْتَاْذِنَ :. تو گھر میں داخل مت ہو جب تک اجازت نہ لے

لا ناہیہ تدخل فعل فاعل بیتا مفعول فیہ حتی حرف جر تستاذن فعل فاعل منصوب بتقدیر ان بتاویل مصدر مجرور ہوا حتی جارہ کے لئے جار مجرور ملکر متعلق ہوا لا تدخل فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ناہیہ ہوا۔

لَا تُصَلِّ حَتّٰى تَوَضَّأَ :. نماز مت پڑھ جب تک وضوء نہ کرے۔

لا ناہیہ تصل فعل حتی حرف جار توضاء فعل فاعل منصوب بتقدیر ان بتاویل مصدر مجرور ہوا حتی کا جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوا لا تصل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ناہیہ ہوا۔

رُبَّ عَالِمٍ لَقِیْتُ :. میں بہت عالموں سے ملا۔

رب جار عالم مجرور جار مجرور متعلق مقدم ہوا لقیت کے ساتھ لقیت فعل فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ :. بہترین انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے۔

العاقبۃ مبتدأ للمتقین جار مجرو ثابتۃ مقدر کے ساتھ متعلق پھر بتفصیل مذکور خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۱۸﴾

ذیل کے مثالوں میں حروف مشبہ بالفعل کے عمل کو دیکھو اور ہر مثال کی ترکیب وترجمہ کرو؟

جواب :۔ ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کئے جاتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ :. یقیناً اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل لفظ اللہ اس کا اسم سمیع خبر اول علیم خبر ثانی ان اپنے اسم اور دونوں خبروں کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّہٗ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ :. یقیناً وہ (اللہ) جاننے والا حکمت والا ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم علیم خبر اول حکیم خبر ثانی ان اپنے اسم اور دونوں خبروں کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّکَ حَلِیْمٌ :. یقیناً تو بردبار ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ک ضمیر اس کا اسم حلیم اس کا خبر ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ :. میں خوب جانتا ہوں چھپی ہوئی چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم اعلم فعل اسمیں ضمیر انا مستتر اس کا فاعل غیب مضاف السموت معطوف علیہ واو حرف عطف الارض معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر ان کا خبر ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّھَا صَالِحَۃٌ :. یقیناً وہ عورت نیکوکار ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ہا ضمیر اس کا اسم صالحۃ اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّھُمْ قَاعِدُوْنَ :. یقیناً وہ لوگ بیٹھے ہیں۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ہم انّ کا اسم قاعدون اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَنَّھُنَّ قَانِتَاتٌ :. یقیناً وہ عورتیں بندگی کرنے والیاں ہیں۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ہن ضمیر اس کا اسم قانتات اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّا قَاعِدُوْنَ :. یقیناً ہم بیٹھے ہیں۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل نا ضمیر اس کا اسم قاعدون خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَلِمْتُ اَنَّ زَیْدًا ذَاھِبٌ :. میں نے جانا کہ یقیناً زید جانے والا ہے۔

علمت فعل فاعل ان حرف از حروف مشبہ بالفعل زیدا اس کا اسم ذاہب اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مفعول ہوا علمت فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول کے

ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ :. مجھ کو معلوم ہے کہ بے شک اللہ زبردست ہے حکمت والا

اعلم فعل فاعل ان حرف از حروف مشبہ بالفعل لفظ اللہ اس کا اسم عزیز خبر اول حکیم خبر ثانی ان اپنے اسم اور دونوں خبروں کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفعول بہ ہوا اعلم فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ :. جان لو کے بے شک اللہ کا عذاب سخت ہے

اعلموا فعل فاعل ان حرف از حروف مشبہ بالفعل اللہ اس کا اسم شدید مضاف العقاب مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر ہوا ان کا ان اپنے اسم اور خبر کے سات ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفعول ہوا اعلموا فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ :. اور بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

واو استینافیہ ان حرف از حروف مشبہ بالفعل لفظ اللہ اس کا اسم غفور خبر اول رحیم خبر ثانی ان اپنے اسم اور دونوں خبروں کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:۔ یہ جملہ ان اللہ شدید العقاب پر عطف بھی کر سکتے ہیں بلکہ عطف اولیٰ ہے

كَاَنَّ زَيْدًا قَمَرٌ :. گویا کہ زید چاند ہے۔

کان حرف از حروف مشبہ بالفعل زیدا اس کا اسم قمر اس کی خبر کان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَاَنَّهٗ اَسَدٌ :. گویا کہ وہ شیر ہے۔

کان حرف از حروف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم اسد اس کی خبر کان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَاَنَّهُمْ شُمُوْسٌ :. گویا کہ وہ سورج ہیں

کان حرف از حروف مشبہ بالفعل ہم ضمیر اس کا اسم شموس اس کی خبر کان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ :. شاید کہ وہ لوگ لوٹ جائیں۔

لعل حرف از حروف مشبہ بالفعل ہم ضمیر اس کا اسم یرجعون فعل فاعل اس کی خبر لعل اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ترجیہ ہوا۔

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ :. تاکہ تم شکر گزار بنو۔

لعل حرف از حروف مشبہ بالفعل کم ضمیر اس کا اسم تشکرون فعل فاعل اس کی خبر لعل اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ترجیہ ہوا۔

لَعَلَّ اللّٰهُ يَرْزُقُنِىْ صَلَاحاً :. شاید اللہ مجھے نیکی نصیب کرے۔

لعل حرف از حروف مشبہ بالفعل اللہ اس کا اسم یرزق فعل فاعل نون وقایہ ضمیر متکلم مفعول بہ اول اور صلاحاً مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر لعل کی خبر لعل اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ترجیہ ہوا۔

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ :. تاکہ تم پرہیزگار ہوجاؤ۔

لعل حرف از حروف مشبہ بالفعل کم ضمیر اس کا اسم تتقون فعل فاعل اس کی خبر لعل اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ترجیہ ہوا۔

لَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرَاباً :. کسی طرح میں مٹی ہوتا۔ (کاش کہ میں مٹی ہوتا)

لیت حرف از حروف مشبہ بالفعل ن وقایہ یاء ضمیر متکلم اس کا اسم کنت فعل از افعال ناقصہ ت ضمیر اس کا اسم تراباً اس کی خبر کنت اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر لیت کی خبر لیت اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جمہ انشائیہ تمنیہ ہوا۔

لَيْتَ اَخَا عَمْرٍو حَاضِرٌ :. کاش عمرو کا بھائی حاضر ہوتا۔

لیت حرف از حروف مشبہ بالفعل اخا مضاف عمرو مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر لیت کا اسم حاضر اس کی خبر لیت اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ تمنیہ ہوا۔

لَعَلَّهَا اُخْتُ بَكْرٍ :. شاید وہ (عورت) بکر کی بہن ہے۔

لعل حرف از حروف مشبہ بالفعل ہا اس کا اسم اخت مضاف بکر مضاف الیہ مضاف مضاف

الیہ ملکر اس کی خبر لعل اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ترجیہ ہوا۔

اِنِّیْ عَبْدُاللّٰهِ :. یقیناً میں اللہ کا بندہ ہوں ۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم عبداللہ مضاف مضاف الیہ ملکر اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَعَلَّ اَبَاهَا جَاهِلٌ :. شاید اس کا باپ جاہل ہے۔

لعل حرف از حروف مشبہ بالفعل اباہا مضاف مضاف الیہ اس کا اسم جاہل خبر لعل اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ترجیہ ہوا۔

عَلِمْتُ اَنَّ اَخَا زَیْدٍ جَاهِلٌ:. میں نے جانا کہ یقیناً زید کا بھائی جاہل ہے۔

علمت فعل فاعل ان حرف از حروف مشبہ بالفعل اخازید مضاف مضاف الیہ اس کا اسم جاہل خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفعول بہ ہوا علمت فعل کے لئے علمت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کیساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّهٗ ذُوْ عِلْمٍ:. یقیناً وہ علم والا ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم ذوعلم مضاف مضاف الیہ ملکر اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُوْلُوْا الْاَلْبَابِ:. سوچتے وہی ہیں جن کو عقل ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل ما کافہ عن العمل یتذکر فعل اولوالالباب مضاف مضاف الیہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا :. جان رکھو کہ اللہ زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مرجانے کے بعد۔

اعلموا فعل با فاعل ان حرف از حروف مشبہ بالفعل اللہ اس کا اسم یحی فعل فاعل الارض مفعول بہ بعد مضاف موتہا مضاف مضاف الیہ ملکر مضاف الیہ پھر مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ ہوا یحی فعل کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ان کے لئے خبر ان

اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مفعول ہوا اطلبوا کے لئے فعل اپنے فاعل اور مفعول کیساتھ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ :. بے شک نماز روکتی ہے بے حیائی اور بری بات سے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل الصلوۃ اس کا اسم تنہی فعل فاعل عن حرف جر الفحشاء معطوف علیہ واو حرف عطف المنکر معطوف، معطوف علیہ اور معطوف ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور متعلق ہوا تنہی فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوا ان کا ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَا لَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ :. کیا اچھا ہوتا جو میں کچھ آگے بھیجتا اپنی زندگی میں

یا برائے تأسف لیت حرف از حروف مشبہ بالفعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم اس کا اسم قدمت فعل فاعل لام جار حیاتی مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا قدمت فعل کے ساتھ قدمت فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر ہوا لیت کا لیت اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ تمنیہ ہوا۔

اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ :. بے شک بھونچال قیامت کا ایک بڑی چیز ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل زلزلۃ الساعۃ مضاف مضاف الیہ اس کا اسم شئی موصوف عظیم صفت موصوف صفت ملکر اس کی خبر، ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اٰبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ :. واقعی ہمارے باپ کھلی غلطی میں ہیں۔

ان حرف ازحروف مشبہ بالفعل ابانا مضاف مضاف الیہ اس کا اسم لفی لام تاکیدیہ فی جارہ ضلال موصوف مبین صفت موصوف صفت ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا ثابت مقدر کے ساتھ پھر بتفصیل مذکور خبر ہوا ان کا، ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ :. شاید وہ گھڑی (قیامت) پاس ہو۔

لعل حرف از حروف مشبہ بالفعل الساعۃ اس کا اسم قریب اس کی خبر لعل اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ترجیہ ہوا۔

اِنَّ الْمُؤْمِنِیْنَ فَائِزُوْنَ :. یقیناً مومنین کامیاب ہیں۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل المؤمنین اس کا اسم فائزون اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اَخَوَیْ زَیْدٍ حَاضِرَانِ :. یقیناً زید کے دو بھائی حاضر ہیں۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل اخوی مضاف زید مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر اس کا اسم حاضران اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ زَیْنَبَ قَائِمَۃٌ :. یقیناً زینب کھڑی ہے۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل زینب اس کا اسم قائمۃ اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَیْتَ بَنِیْ زَیْدٍ یَنْصُرُوْنَ :. کاش زید کے بیٹے مدد کرتے۔

لیت حرف از حروف مشبہ بالفعل بنی مضاف زید مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر اس کا اسم ینصرون فعل فاعل اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ :. بے شک ڈرنے والے باغوں اور چشموں میں ہیں۔

ان حرف از حروف مشبہ بالفعل المتقین اس کا اسم فی حرف جارہ جنات معطوف علیہ واو حرف عطف عیون معطوف معطوف علیہ اور معطوف ملکر مجرور پھر جار مجرور ملکر ثابتون کے ساتھ متعلق ہوا ثابتون صیغہ اسم فاعل اس میں ضمیر ہم اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۱۹﴾

امثلہ ذیل میں ماولا مشبہ بلیس اور لائے نفی جنس کے عمل میں غور کر کے بتاؤ کہ کس مثال میں کونسی قسم ہے اور ترجمہ وترکیب کرو؟

جواب :۔ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کریں گے اور بضمن ترکیب امور مطلوبہ کی نشاندہی کریں گے۔

مَا هٰذَا بَشَراً :. نہیں ہے یہ شخص آدمی۔

ما مشبہ بلیس ہذا اسم اشارہ محذوف مشار الیہ الرجل سے ملکر اس کا اسم بشرا اس کی خبر ما اپنی اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا عَقْلَ لَهٗ :. اس کی عقل بالکل نہیں۔

لانفی جنس عقل نکرہ مفرد مبنی بر فتحہ اس کا اسم لہ جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر اس کی خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا دِيْنَارَ وَلَا دِرْهَمَ لِزَيْدٍ :. زید کے پاس نہ دینار ہے اور نہ درہم۔

یہ اس ترکیب میں سے جس میں پانچ وجہیں پڑھنی جائز ہے۔جب دونوں جگہ لانفی جنس ہو تو پھر اگر دو جملے مانے جائیں تو تقدیر عبارت اس طرح ہوگی۔لا دینار ثابت لزید ولا درہم ثابت لزید ۔تو پھر لانفی جنس دینار اس کا اسم مبنی بر فتحہ ثابت لزید اس کی خبر پھر جملہ معطوف علیہ واو عاطفہ لا درہم ثابت لزید کی حسب سابق ترکیب پھر جملہ معطوفہ۔

اور اگر ایک جملہ مانیں تو تقدیر اس طرح ہوگی لا دینار ولا درہم ثابتان لزید ۔لا دینار ولا درہم معطوف علیہ معطوف ہوں گے اور ثابتان لزید اس کی خبر۔

اور اگر دینار اور درہم کو مبنی بر فتحہ نہ پڑھے تو ہر ایک وجہ میں پھر اپنی ترکیب ہوگی۔

لَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ :. نہیں ہے تمہارے لئے میرے پاس کوئی کیل (غلہ)

لانفی جنس کیل نکرہ مفرد اس کا اسم مبنی بر فتحہ لکم جار مجرور ثابت کے متعلق عندی مضاف

مضاف الیہ ثابت کے لئے مفعول فیہ ثابت اپنے فاعل اور متعلق اور مفعول فیہ سے ملکر لا کے لئے خبر ہوا لا اپنی اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ :. نہیں ہے تو مومن (تصدیق کرنے والا)

ما مشبہ بلیس انت اس کا اسم با جارہ زائد مومن مجرور لفظا منصوب محلا خبر ما کا ما اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَالَكُمْ عِنْدِیْ زَادٌ وَّلَا رَاحِلَةٌ :. میرے پاس تمہارے لئے نہ کوئی توشہ ہے نہ کوئی سواری۔

ما مشبہ بلیس لکم جار مجرور ثابت مقدر کے ساتھ متعلق عندی مضاف مضاف الیہ ثابت کے لئے مفعول فیہ ثابت اپنے فاعل اور مفعول فیہ کے ساتھ ملکر خبر مقدم زاد معطوف علیہ واو عاطفہ راحلۃ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر ما کا اسم موخر ما اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَا مُرُوَّةَ لَهٗ :. جس میں مروۃ نہیں اس کا ایمان کامل نہیں۔

لانفی جنس ایمان نکرہ مفرد مبنی بر فتحہ اس کا اسم لام جار من موصولہ لانفی جنس مروۃ نکرہ مفرد مبنی بر فتحہ اس کا اسم لہ جار مجرور ثابتۃ کے ساتھ متعلق ہو کر اس کی خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر صلہ موصول صلہ ملکر مجرور ہوا جار کے لئے جار مجرور ثابت سے متعلق ہو کر پہلے لا کے لئے خبر لا اپنی اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا فَقْرَ لِلْعَاقِلِ :. عقل مند کے لئے کوئی فقر نہیں۔

لانفی جنس فقر نکرہ مفرد مبنی بر فتحہ اس کا اسم للعاقل جار مجرور ثابت سے متعلق ہو کر خبر لا اپنی اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا حُرْمَةَ لِلْفَاسِقِ :. فاسق کے لئے کوئی عزت نہیں۔

لانفی جنس حرمۃ نکرہ مفرد مبنی بر فتحہ اس کا اسم للفاسق جار مجرور ثابت سے متعلق ہو کر خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا رَاحَةَ لِلْحَسُوْدِ :. حسد کرنے والے کے لئے کوئی راحت نہیں۔

لانفی جنس راحۃ نکرہ مفرد مبنی بر فتحہ اس کا اسم للحسود جار مجرور ثابتۃ سے متعلق ہوکر اس کی خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا غَمَّ لِلْقَانِعِ :. قناعت کرنے والے کے لئے کوئی غم نہیں۔

لانفی جنس غم نکرہ مفرد مبنی بر فتحہ اس کا اسم للقانع جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر اس کی خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا كَرَامَةَ لِلْكَاذِبِ :. جھوٹے کے لئے کوئی عزت نہیں۔

لانفی جنس کرامۃ اس کا اسم للکاذب جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر اس کی خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا هُنَّ اُمَّهَاتُهُمْ :. نہیں ہیں وہ عورتیں ان کی مائیں۔

ما مشبہ بلیس ہن اس کا اسم امہاتہم مضاف مضاف الیہ اس کی خبر ما اپنی اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَوْمٌ لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ :. قیامت کا دن ایسا دن ہے جس میں نہ خرید وفروخت ہے اور اشنائی اور نہ سفارش۔

یوم القیمۃ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ، یوم موصوف لا ملغی عن العمل بیع معطوف علیہ خلۃ معطوف اول شفاعۃ معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں کے ساتھ ملکر مبتدا فیہ جار مجرور ثابتۃ کے ساتھ متعلق ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر یوم کی صفت موصوف صفت ملکر مبتدا کی خبر مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اور اگر لا مشبہ بلیس ہو تو بیع ولا خلۃ ولا شفاعۃ سے سارے ملکر اس کا اسم ہوگا اور فیہ ثابتۃ سے ملکر اس کی خبر ہوگی پھر صفت ہے گا موصوف کے لئے۔

یہ اس وقت ہے جب عطف مفرد علی المفرد ہو اور گر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو پھر تقدیر عبارت اس طرح ہوگی لا بیع ثابتا فیہ ولا خلۃ ثابتۃ فیہ ولا شفاعۃ ثابتۃ فیہ پھر سارے جملے ملکر صفت ہوگا موصوف کے لئے۔

لَا مُرُوَّةَ لِلْمَرْأَةِ :. عورت کے لئے کوئی مروۃ نہیں۔

لانفی جنس مروۃ اس کا اسم للمرأۃ جار مجرو ثابتۃ کے ساتھ متعلق ہوکر خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاعَقْلَ لِلْكَافِرِ :. کافر کے لئے کوئی عقل نہیں۔

لانفی جنس عقل اس کا اسم للکافر جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا دِيْنَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهٗ :. جس میں امانت داری نہ ہو اس کا دین کامل نہیں۔

اس کی ترکیب بعینہ لا ایمان لمن لا مروۃ لہ کی طرح ہے۔

مَا هٰذَا قَوْلَ الْبَشَرِ :. نہیں ہے یہ بشر (انسان) کی بات۔

ماشبہ بلیس ہذا مشار الیہ محذوف سے ملکر اس کا اسم قول البشر مضاف مضاف الیہ اس کی خبر ما اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ :. وہ ہرگز نکلنے والے نہیں آگ سے۔

ماشبہ بلیس ہم اس کا اسم با جارہ زائدہ خارجین لفظاً مجرور محلاً منصوب اسم فاعل اس میں ضمیر اس کا فاعل من النار جار مجرور خارجین کے ساتھ متعلق خارجین اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ما اپنی اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ :. زبردستی نہیں دین کے معاملہ میں۔

لانفی جنس اکراہ اس کا اسم فی الدین جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر اس کی خبر لا اپنی اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۲۰﴾

ذیل کی مثالوں میں منادیٰ کی قسمیں بتاؤ اور ہر مثال کا ترجمہ وترکیب کرو؟

جواب :۔ ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کریں گے اور بضمن ترکیب منادیٰ کی قسموں کی نشاندہی کریں گے۔

یَا یَحْیٰ خُذِ الْکِتٰبَ بِقُوَّةٍ:. اے یحییٰ اٹھالے کتاب زور سے۔

یا حرف ندا یحییٰ منادیٰ مفرد معرفہ مبنی بر علامت رفع مرفوع بضمہ تقدیراً پھر یا قائم مقام ادعو کے ادعو فعل فاعل اور یحییٰ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر ندا خذ فعل امر ضمیر انت مستتر اس کا فاعل الکتاب مفعول بہ باء حرف جار قوۃ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا خذ کے ساتھ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوکر جواب ندا، نداء منادیٰ ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا :. اے یوسف اس بات سے اعراض کر یعنی جانے دو۔

یوسف منادیٰ مفرد معرفہ مبنی بر علامت رفع مرفوع بضمہ لفظاً حرف ندا یا محذوف ہے پھر یا حرف ندا قائم مقام ادعو کے ادعو فعل فاعل یوسف مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر نداء، اعرض فعل امر انت ضمیر اس میں مستتر اس کا فاعل عن جار ہذا اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر مجرور جار مجرور ظرف لغو متعلق اعرض کے ساتھ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ امریہ جواب نداء،نداء اور جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یٰٓاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ :. اے آدمی کس چیز سے بہکا تو اپنے رب کریم سے۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ای مضاف وسیلۂ منادیٰ معرف باللام ہا برائے تنبیہ قائم مقام مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر موصوف الانسان منادیٰ مفرد معرفہ مبنی علامت رفع مرفوع لفظاً صفت، موصوف صفت ملکر منادیٰ قائم مقام مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ

ندائیہ ہو کر ندا،

دوسری ترکیب :۔ایہا مضاف مضاف الیہ مبدل منہ اور الانسان بدل بدل مبدل منہ ملکر منادیٰ قائم مقام مفعول بہ ما استفہامیہ بمعنیٰ ای شئی مبتدأ غرک فعل فاعل مفعول بہ بربک الکریم با جارہ رب مضاف ک مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر موصوف الکریم صفت موصوف صفت ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور ملکر ظرف لغو متعلق غر فعل کے ساتھ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوا ما کے لئے مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا ندا منادیٰ ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا

۔

یَا عَبْدَاللّٰہِ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ :. اے اللہ کے بندے نماز قائم کر۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو عبداللہ مضاف مضاف الیہ منادیٰ مضاف منصوب بفتحہ لفظاً قائم مقام مفعول بہ ،فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ ندا ،اقم فعل فاعل الصلوٰۃ مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ جواب ندا ہوا ندا جواب ندا ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا ذَالْمَالِ اَنْفِقْ مِنْ مَّالِکَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ:. اے مال والے اپنے مال سے اللہ کے راستے میں خرچ کر۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ذالمال مضاف مضاف الیہ منادیٰ مضاف منصوب بالالف لفظاً قائم مقام مفعول بہ ،یہ پورا جملہ ندا انفق فعل فاعل من جار مالک مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق اول انفق کا ،فی جار سبیل اللہ مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ثانی ہوا انفق کا فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے ملکر جواب ندا ندا جواب ندا ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا اَیُّہَا الشَّبَابُ اِغْتَنِمْ شَبَابَکَ :. اے نوجوان اپنی جوانی کو غنیمت جان۔

یا ایہا الشباب بتفصیل مذکور فی یا ایہا الانسان ندا ،اغتنم فعل فاعل شبابک مضاف مضاف الیہ مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جواب ندا ،ندا جواب ندا ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا ذَاالشَّیْبَۃِ لَا تَذْھَلْ عَنِ الْمَوْتِ :. اے بڑھاپے والے موت سے غافل نہ ہو۔

یا ذالشیبۃ بتفصیل مذکور فی یا ذالمال ندا لا تذہل فعل نہی انت مستتر اس کا فاعل عن الموت

جار مجرور متعلق ہوا لا تذل کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جواب نداء نداء اور جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اَیُّهَا الْحَرِیْصُ اِقْنَعْ فَاِنَّ الْقَنَاعَةَ کَنْزٌ لَا یَفْنِیْ:. اے حرص کرنے والے قناعت کر کیونکہ قناعت ایسا خزانہ ہے جو فنا نہیں ہوتا۔

ایہا الحریص یا حرف نداء محذوف ہے پھر بتفصیل مذکور فی یا یہا الانسان نداء، اقنع فعل فاعل ملکر معلول معطوف علیہ فا حرف عطف ان از حروف مشبہ بالفعل القناعۃ اس کا اسم کنز موصوف لا یفنی فعل فاعل ملکر جملہ صفت موصوف صفت ملکر ان کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علت، معلول علت ملکر جواب نداء، نداء جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا هٰذَا لَا تَغْفَلْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰهِ :. اے آدمی اللہ کے ذکر سے غافل نہ ہو۔

یا حرف نداء قائم مقام ادعو ہذا اسم اشارہ مشار الیہ محذوف سے ملکر منادیٰ قائم مقام مفعول بہ پھر بتفصیل مذکور نداء لا تغفل فعل فاعل عن جارہ ذکر اللہ مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق لا تغفل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر جملہ انشائیہ ناہیہ ہوکر جواب نداء نداء جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا رَحْمٰنُ اِرْحَمْنَا :. اے رحم کرنے والے ہم پر رحم فرما۔

یا حرف نداء رحمٰن مفرد معرفہ مبنی بر علامت رفع مرفوع بضمہ لفظاً منادیٰ، پھر بتفصیل مذکور نداء ارحم فعل فاعل نا مفعول بہ، فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوکر جواب نداء، نداء جواب نداء ملکر جملہ ندائیہ ہوا۔

یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ :. اے بزرگی اور عظمت والے۔

یا حرف نداء قائم مقام ادعو کے ذا مضاف الجلال معطوف علیہ واو عاطفہ الاکرام معطوف معطوف معطوف علیہ ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر منادیٰ مضاف منصوب بالالف لفظاً قائم مقام مفعول بہ ادعو فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَااَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ :. اے منکرو میں نہیں پوجتا جس کو تم پوجتے ہو۔

یا ایھا الکفرون بتفصیل مذکور فی یاایھا الانسان نداء، لا نافیہ اعبد فعل فاعل ما موصولہ تعبدون فعل فاعل ملکر صلہ، موصول صلہ مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جواب نداء نداء جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا اٰدَمُ اسْکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُکَ الْجَنَّۃَ :. اے آدمؑ رہا کرتو اور تیری عورت جنت میں۔

یا حرف نداء ادم منادیٰ مفرد معرفہ مبنی بر علامت رفع مرفوع بضمہ لفظاً پھر بتفصیل مذکور نداء اسکن فعل امر حاضر اس میں انت ضمیر مستتر مؤکد انت ضمیر منفصل تاکید مؤکد تاکید ملکر معطوف علیہ واو عاطفہ زوجک مضاف مضاف الیہ معطوف معطوف علیہ اور معطوف ملکر فاعل الجنۃ مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوکر جواب نداء، نداء اور جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا جَاهِلاً اِجْهِدْ فِیْ طَلَبِ الْعِلْمِ :. اے جاہل طلب علم میں کوشش کر۔

یا حرف نداء جاہلاً منادیٰ شبیہ با المضاف منصوب بفتحہ لفظاً پھر بتفصیل مذکور نداء، اجہد فعل فاعل فی جارہ طلب العلم مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق اجہد کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ انشائیہ امریہ جواب نداء، نداء اور جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یَا مُتَعَلِّماً رَاعِ اَدَبَ اُسْتَاذِکَ :. اے متعلم اپنے استاد کے ادب کا خیال رکھو۔

بِئْسَ الْعَالِمُ غَيْرُ عَامِلٍ عَلٰى عِلْمِهٖ :. اپنے علم پر عمل نہ کرنے والا برا عالم ہے۔

بئس فعل ذم العالم اس کا فاعل پھر خبر مقدم غیر مضاف عامل صیغہ اسم فاعل اس میں ضمیر اس کا فاعل علی جار علمہ مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور ملکر عامل کے متعلق پھر مضاف الیہ غیر کا مضاف مضاف الیہ مبتدأ مؤخر، پھر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ :. متکبرین کا ٹھکانہ برا ہے۔

بئس فعل ذم مثوی المتکبرین مضاف مضاف الیہ فاعل فعل فاعل جملہ انشائیہ خبر مقدم مبتدأ محذوف کی جو ہو ہے۔

نِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ :. ہم اچھے بچھانے والے ہیں۔

نعم فعل مدح الماہدون اس کا فاعل پھر مبتدأ محذوف نحن کی خبر۔

ساء ت المرء ۃ حریصۃ المال :. مال کی حرص کرنے والی عورت بری عورت ہے۔

ساءت فعل ذم المرء ۃ اس کا فاعل فعل فاعل خبر مقدم حریصۃ المال مضاف مضاف الیہ مبتدأ مؤخر پھر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۲۸﴾

امثلہ ذیل کی ترکیب وترجمہ کرو اور شرط وجزاء کو بتاؤ اور اسمائے شرطیہ کا عمل بتاؤ اسماء افعال کی اقسام بتاؤ؟

جواب :۔ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ ہونگے اور بضمن ترکیب امور مطلوبہ کی نشاندہی کریں گے۔

مَنْ يُطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ :. جس نے حکم مانا رسول کا اس نے حکم مانا اللہ کا۔

من شرطیہ جازمہ مبتدأ اس نے یطع کو جزم دیا اصل میں یطیع تھا پھر التقائے ساکنین سے یا حذف ہوئی یطع ہوا، یطع فعل فاعل الرسول مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ ملکر شرط، فقد فاء جزائیہ قد حرف تحقیق اطاع فعل فاعل اللہ مفعول بہ سارے ملکر جزاء شرط جزاء ملکر خبر ہوا من مبتدأ کے لئے مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا :. جس کو سمجھ ملی اس کو بڑی خوبی ملی

فعل مضارع مجہول ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل

الحکمۃ مفعول بہ سارے ملکر شرط فا جزائیہ قد حرف تحقیق اوتی فعل مجہول ضمیر نائب فاعل خیرا موصوف کثیرا صفت موصوف صفت ملکر مفعول بہ فعل نائب فاعل اور مفعول بہ ملکر جزاء شرط جزاء ملکر خبر مبتدأ کے لئے مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ :. جو کچھ تم خرچ کروگے سو اپنے ہی واسطے۔

ما شرطیہ جازمہ مفعول بہ تنفقوا فعل فاعل من خیر جار مجرور متعلق محذوف کے ساتھ حال ہوا ما سے فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر شرط فا جزائیہ لام جارہ انفسکم مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق ثابت کے ساتھ پھر سارے ملکر خبر ہوا مبتدأ محذوف کے لئے جو ہو ہے پھر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ جزا، شرط جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

مَنْ كَثُرَ كَلَامُهٗ كَثُرَ خَطَاءُهٗ :. جس کی باتیں زیادہ ہوں اس کی غلطیاں بھی زیادہ ہوتی ہے۔

من شرطیہ مبتدأ کثر فعل کلامہ مضاف مضاف الیہ فاعل پھر شرط کثر فعل خطاء ہ مضاف مضاف الیہ فاعل پھر ملکر جزاء شرط جزاء جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ حَفَرَ بِئْرًا لِاَخِيْهِ فَقَدْ وَقَعَ فِيْهَا :. جس نے کنواں کھودا اپنے بھائی کے لئے پس تحقیق گرا وہ اسمیں۔

من شرطیہ جازمہ مبتدأ حفر فعل فاعل بیرا مفعول بہ لام جارہ اخیہ مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا حفر کے ساتھ سارے ملکر شرط وقع فعل فاعل فیہا جار مجرور متعلق وقع کے ساتھ پھر جزاء شرط اور جزاء ملکر خبر ہوا مبتدا کے لئے مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ اَبْصَرَ عَيْبَ نَفْسِهٖ شَغَلَ عَنْ عَيْبِ غَيْرِهٖ :. جس نے اپنے عیب دیکھے وہ دوسروں کے عیبوں سے مشغول ہو جائے گا۔

من شرطیہ جازمہ مبتدأ ابصر فعل فاعل عیب مضاف نفسہ مضاف مضاف الیہ مضاف الیہ ہوا پھر مفعول بہ ابصر کے لئے پھر سارا جملہ ملکر شرط شغل فعل فاعل عن جار عیب مضاف غیرہ مضاف مضاف الیہ ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا شغل کے ساتھ سارے ملکر جزاء

شرط اور جزاء ملکر خبر ہوا مبتدأ کے لئے مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ قَنَعَ شَبِعَ :. جس نے قناعت کی وہ سیر ہوا۔

من شرطیہ جازمہ مبتدأ قنع فعل فاعل شرط شبع فعل فاعل جزاء شرط اور جزاء ملکر خبر۔

مَنْ سَكَتَ سَلِمَ :. جس نے خاموشی اختیار کی وہ محفوظ ہوا۔

من شرطیہ متبدأ سکت فعل فاعل شرط سلم فعل فاعل جزاء دونوں ملکر خبر۔

مَتٰی تَعْصِ اللّٰهَ يَسْوَدُّ قَلْبُكَ :. جب تو اللہ کی نافرمانی کریگا تیرا دل کالا ہوگا۔

متٰی شرطیہ جازمہ مفعول فیہ برائے تعص تعص فعل فاعل لفظ اللہ مفعول بہ فیہ سارے ملکر شرط یسود فعل قلبک مضاف مضاف الیہ فاعل پھر جزاء، شرط جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ :. جہاں کہیں تم ہوگے موت تم کو آ پکڑے گی۔

اینما اسم شرط جازمہ ظرف مکان مفعول فیہ مقدم برائے تکونوا فعل تام واو ضمیر بارز اس کا فاعل فعل فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر شرط یدرک فعل مضارع مجزوم کم مفعول بہ الموت اس کا فاعل فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جزاء شرط جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعاً :. جہاں کہیں بھی تم ہو لے آئے گا تم کو اللہ۔

اینما شرطیہ جازمہ ظرف مکان مفعول فیہ مقدم برائے تکونوا فعل تام واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل فعل فاعل مفعول فیہ ملکر شرط یأت فعل مضارع مجزوم بکم با جارہ کم مؤکد جمیعا تاکید مؤکد تاکید مجرور جار مجرور متعلق یأت لفظ اللہ فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جزاء شرط جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

حَيْثُمَا تَذْهَبُوْا يَعْلَمْكُمُ اللّٰهُ :. جہاں بھی جاؤ گے اللہ کو معلوم ہوگا۔

حیثما شرطیہ ظرف مکان مفعول فیہ برائے تذہبوا تذہبوا فعل واو ضمیر بارز اس کا فاعل سارے ملکر شرط یعلم فعل کم مفعول بہ لفظ اللہ فاعل سارے ملکر جزاء۔

مَهْمَا تَخْفُوْا يُحْضِرْكُمُ اللّٰهُ :. جہاں کہیں تم چھپو گے اللہ تم کو حاضر کردے گا۔

مہما شرطیہ ظرف مکان مفعول فیہ مقدم برائے تخفوا تخفوا فعل فاعل سارے ملکر شرط یحضر فعل کم مفعول

اللہ فاعل سارے ملکر جزاء۔

حَیْثُمَا کُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَکُمْ شَطْرَهٗ :. جس جگہ تم ہوا کرو پھیرو منہ اسی کی طرف۔

حیثما شرطیہ ظرف مکان مفعول فیہ مقدم برائے کنتم کنتم فعل تام تم اس کا فاعل فعل فاعل مفعول فیہ ملکر شرط، فاجزائیہ ولوا فعل امرواو ضمیر بارز اس کا فاعل وجوہکم مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ اول شطرہ مضاف مضاف الیہ مفعول ثانی سارے ملکر جزاء شرط جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ۔

اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ :. جس طرف تم منہ کرو وہاں ہی متوجہ ہے اللہ۔

اینما اسم شرط ظرف مکان مفعول فیہ برائے تولوا تولوا فعل فاعل سارے ملکر شرط فاء جزائیہ ثم ظرف مکان مبنی بر فتح مفعول فیہ برائے ثابت مقدر ثابت اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر خبر مقدم وجہ اللہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ مؤخر مبتدأ مؤخر خبر مقدم ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزاء شرط جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

اَنّٰی لَکِ هٰذَا :. کہاں سے آیا تیرے پاس یہ۔

انی شرطیہ ظرف مکان مفعول فیہ برائے ثابت مقدر لک جار مجرور متعلق ہوا اسی ثابت کے ساتھ ثابت اپنے فاعل مفعول فیہ اور متعلق سے ملکر خبر مقدم ہذا مبتدأ مؤخر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَیْنَ تَذْهَبُوْنَ :. تم لوگ کہاں جارہے ہو۔

این اسم استفہام مفعول فیہ برائے تذہبون تذہبون فعل فاعل اور مفعول فیہ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَیُّ شَیءٍ تَشْتَهِیْ :. تم کس چیز کی خواہش رکھتے ہو۔

ای شئی مضاف مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم تشتھی فعل فاعل سارے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

عَلَیْکَ بِالصَّبْرِ :. صبر کو لازم پکڑو۔

علیک اسم فعل بمعنی الزم پھر الزم فعل فاعل بالصبر جار مجرور متعلق الزم کے ساتھ۔

شَتَّانَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو :. زید اور عمرو جدا ہوئے۔

شتان اسم فعل بمعنی افترق پھر افترق فعل ماضی زید وعمرو معطوف معطوف علیہ فاعل

حَيَّهَلِ الصَّلٰوةَ :. نماز کے لئے آؤ!

حیہل اسم فعل بمعنی ائت پھر ایت فعل فاعل الصلوٰۃ مفعول بہ۔

يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ :. اور کہیں گے کب ہوگا یہ۔

یقولون فعل فاعل قول متی ظرف زمان مفعول فیہ برائے ثابت مقدر پھر خبر مقدم ہو مبتدا مؤخر مبتدأ مؤخر خبر مقدم ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ قول مقولہ ملکر جملہ قولیہ۔

مشق نمبر ﴿۲۹﴾

امثلہ ذیل میں اسمائے عاملہ کے عمل میں غور کرو اور ان کے معمول بتاؤ اور ترکیب وترجمہ بھی کرو اور یہ بھی بتاؤ کہ اسم تفضیل کا استعمال تین طریقوں میں سے کس طریقہ پر ہوا ہے؟

جواب:۔ ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ ہونگے اور بضمن ترکیب امور مطلوبہ کی نشاندہی کریں گے۔

كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ:. کتا ان کا پسارا ہے اپنی باہیں۔

کلبھم مضاف مضاف الیہ مبتدأ باسط صیغہ اسم فاعل ضمیر اسمیں مستتر اس کا فاعل ذراعیہ مضاف مضاف الیہ اس کا مفعول بہ اسم فاعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ ملکر شبہ جملہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِيْفَةً :. میں بنانے والا ہوں زمین میں اپنا ایک نائب

ان از حروف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم جاعل صیغہ اسم فاعل ضمیر مستتر اس کا فاعل فی الارض جار مجرور متعلق ہوا جاعل کے خلیفۃ مفعول جاعل کا اسم فاعل اپنے فاعل متعلق اور مفعول بہ سے ملکر شبہ جملہ خبر ان کا ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ هٰؤُلَاءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ :. یہ لوگ تباہ ہونیوالی ہے وہ چیز

جس میں وہ لگے ہوئے ہیں اور غلط ہے جو وہ کر رہے ہیں۔

ان از حروف مشبہ بالفعل ہؤلاء اسم اشارہ ان کا اسم متبر صیغہ اسم مفعول ما موصولہ ہم مبتدأ فیہ جار مجرور باعتبار متعلق کے خبر مبتدأ خبر ملکر صلہ موصول کا موصول صلہ ملکر نائب فاعل اسم مفعول کا متبر اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے ملکر شبہ جملہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ باطل صیغہ اسم فاعل ما مصدریہ کانوا فعل ناقص واو ضمیر بارز اس کا اسم یعملون فعل فاعل کانوا کی خبر کانوا اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر بتاویل مصدر فاعل ہوا باطل کا اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ معطوف معطوف علیہ معطوف خبر ہوا ان کا ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَشْرَفُ الْحَدِیْثِ ذِکْرُ اللّٰہِ :. اللہ کا ذکر باتوں میں اشرف (عزت والا) ہے

اشرف صیغہ اسم تفضیل مستعمل باضافت مضاف الحدیث مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ ذکر اللہ مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَشْرَفُ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّھَدَاءِ :. شہیدوں کا قتل ہونا باعزت موت ہے۔

اشرف اسم تفضیل مستعمل باضافت مضاف الموت مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ قتل الشہداء مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَیْرُ الْعِلْمِ مَا نَفَعَ :. بہترین علم وہ ہے جو نفع دے۔

خیر صیغہ اسم تفضیل مستعمل باضافت مضاف العلم مضاف الیہ پھر مبتدأ ما موصولہ نفع فعل فاعل صلہ موصول صلہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَیْرُ الْاَغْنِیَاءِ مُنْفِقُ مَالِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ :. مالداروں میں بہترین وہ ہے جو اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔

خیر الاغنیاء مضاف مضاف الیہ مبتدأ منفق صیغہ اسم فاعل ضمیر مستتر اس کا فاعل مالہ مضاف مضاف الیہ مفعول بہ متعلق کا فی جار سبیل اللہ مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق متعلق کے ساتھ متعلق اسم فاعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر شبہ جملہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جَاءَ نِیْ عَمْرٌو مُعْطِیًا غُلَامَہٗ دِرْھَمًا :. آیا میرے پاس عمرو اس حال میں کہ اپنے

غلام کو درہم دینے والا تھا۔

جاء فعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ عمروا ذوالحال معطیا صیغہ اسم فاعل ضمیر مستتر اس کا فاعل غلامہ مضاف مضاف الیہ مفعول اول درہما مفعول ثانی اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں کے ساتھ ملکر عمرو سے حال حال ذوالحال ملکر فاعل جاء نی کا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ رَبِّیْ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ :. یقیناً میرا رب دعا کو سننے والا ہے۔

ان مشبہ بالفعل ربی مضاف مضاف الیہ اس کا اسم سمیع الدعاء مضاف مضاف الیہ اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ :. اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں والا۔

ان مشبہ بالفعل اللہ اس کا اسم غنی خبر اول حمید خبر ثانی ان اپنے اسم اور دونوں خبروں کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّکُمْ لَرَؤُفٌ رَّحِیْمٌ :. بے شک تمہارا رب بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

ان مشبہ بالفعل ربکم مضاف مضاف الیہ اس کا اسم لرؤف لام تاکیدیہ رؤف خبر اول رحیم خبر ثانی ان اپنے اسم اور دونوں خبروں کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زَیْدٌ حَسَنٌ اَخُوْہُ :. زید خوبصورت ہے اس کا بھائی۔

زید مبتدأ حسن صفت مشبہ اخوہ مضاف مضاف الیہ اس کا فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَمْرٌو عَالِمَۃٌ اِبْنَتُہٗ :. عمرو اس کی بیٹی عالمہ ہے۔

عمرو مبتدأ عالمۃ صیغہ اسم فاعل ابنتہ مضاف مضاف الیہ اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زَیْدٌ اَحْسَنُ مِنْ عَمْرٍو :. زید عمرو سے خوبصورت ہے۔

زید مبتدأ احسن اسم تفضیل اسمیں ضمیر اس کا فاعل مستعمل بمن من عمرو جار مجرور متعلق احسن

کے احسن اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ :. ہم بیان کرتے ہیں تیرے پاس بہت اچھا بیان۔

نحن مبتدأ نقص فعل فاعل علیک جار مجرور متعلق نقص کے ساتھ احسن اسم تفضیل مستعمل باضافت مضاف القصص مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ ہوا نقص کا نقص فعل فاعل اور مفعول بہ اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ :. بہترین راستہ محمد ﷺ کا راستہ ہے۔

احسن اسم تفضیل مستعمل باضافت مضاف الہدی مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ ہدی محمد مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا الْمَسْجِدُ اَرْفَعُ وَاَطْوَلُ مِنْ ذَالِكَ :. یہ مسجد بلند اور طویل ہے اس مسجد سے۔

ہذا المسجد اسم اشارہ مشار الیہ ملکر مبتدأ ارفع معطوف علیہ واو عاطفہ اطول معطوف معطوف علیہ معطوف اسم تفضیل مستعمل بمن من ذالک جار مجرور متعلق اطول کے اسم تفضیل اپنے متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَكْثَرُهُمْ كَافِرُوْنَ :. ان میں اکثر کافر ہیں۔

اکثرہم اسم تفضیل مستعمل باضافت مضاف ہم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مبتدأ کافرون خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا الطَّعَامُ اَقَلُّ :. یہ طعام اس سے کم ہے۔

ہذا الطعام اسم اشارہ مشار الیہ مبتدأ اقل اسم تفضیل یہ مستعمل بمن ہے لیکن وہ حذف ہوا ہے (اقل من ذالک) خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ :. البتہ پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا بڑا ہے لوگوں کے بنانے سے۔

لام تاکیدیہ ابتدائیہ خلق مضاف السموت والارض معطوف علیہ معطوف مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ اکبر اسم تفضیل مستعمل بمن من جار خلق الناس مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق ہوا اکبر کے اکبر اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلاً:. کون تم میں اچھا کرتا ہے کام۔

ایکم مضاف مضاف الیہ مبتدأ احسن اسم تفضیل ممیز عملاً تمیز ممیز اور تمیز ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اور احسن اسم تفضیل مستعمل بمن ہے جو کہ حذف ہوا ہے یعنی (احسن من الغیر ۔

هُوَ اَهْدٰی مِنْهُ:. وہ اس سے زیادہ ہدایت پر ہے۔

ہو مبتدأ اہدیٰ اسم تفضیل مستعمل بمن منہ جار مجرور اہدیٰ کے متعلق اسم تفضیل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِیْثاً:. اللہ سے سچی کسی کی بات۔

من استفہامیہ مبتدأ اصدق اسم تفضیل مستعمل بمن ممیز حدیثا تمیز من اللہ جار مجرور متعلق اصدق کے اسم تفضیل اپنے متعلق اور تمیز کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ:. وہ تم کو خوب جانتا ہے۔

ہو مبتدا اعلم اسم تفضیل مستعمل بمن جو محذوف ہے یعنی منکم بکم جار مجرور متعلق اعلم کے ساتھ اسم تفضیل اپنے متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ:. اس میں خوب ستھرائی ہے تمہارے دلوں کو۔

ذالکم مبتدأ اطہر اسم تفضیل لقلوبکم متعلق اطہر کے ساتھ پھر خبر مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اطہر اسم تفضیل بھی مستعمل بمن ہے جو کہ محذوف ہے (من الغیر)

تَطْهِیْرُكَ بَدَنَكَ خَیْرٌ:. تیرا بدن پاک کرنا بہتر ہے۔

تطہیر مصدر مضاف ک مضاف الیہ بدنک مضاف مضاف الیہ مفعول بہ تطہیر کا پھر سارے ملکر مبتدأ خیر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔ اور خیر مستعمل بمن ہے جو کہ مح ذوف ہے۔ یعنی من غیرہ۔

اِیْذَاؤُکَ اُمَّکَ مَعْصِیَۃٌ کَبِیْرَۃٌ :. تیرا ماں کو تکلیف پہنچانا گناہ کبیرہ ہے۔

ایذاؤ مصدر مضاف ک مضاف الیہ امک مضاف مضاف الیہ مفعول بہ ایذاء مصدر کا پھر سارے ملکر مبتدأ معصیۃ کبیرۃ موصوف صفت خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زَیْدٌ جَائِعٌ بَطْنُہٗ وَعَمْرٌو عَارٍ بَدَنُہٗ مِنَ الثَّوْبِ :. زید بھوکا ہے اس کا پیٹ اور عمرو خالی ہے اس کا بدن کپڑوں سے۔

زید مبتدأ جائع اسم فاعل بطنہ مضاف مضاف الیہ اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واو عاطفہ عمرو مبتدأ عار اسم فاعل بدنہ مضاف مضاف الیہ اس کا فاعل من الثوب جار مجرور متعلق ہوا عار کے ساتھ عار اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اور معطوف ملکر جملہ معطوفہ۔

اَبُوْکَ مُغَطًّی رَأْسُہٗ :. تیرا باپ چھپایا گیا ہے اس کا سر۔

ابوک مضاف مضاف الیہ مبتدأ مغطی اسم مفعول رأسہ مضاف مضاف الیہ نائب فاعل پھر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَمْرٌو مُطَهَّرٌ ثَوْبُہٗ :. عمرو پاک کی گئی ہے اس کے کپڑے۔

عمرو مبتدأ مطہر اسم مفعول ثوبہ مضاف مضاف الیہ نائب فاعل پھر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۳۰﴾

ان مثالوں میں چند امور بتاؤ تمامی ہر اسم کی کس شئی سے ہوئی کم استفہامیہ وخبریہ کو معین کرو مضارع کے عامل کو بیان کرو اور ہر مثال کی ترکیب کرو؟

جواب :۔ ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ ہونگی اور بضمن ترکیب امور مطلوبہ کی نشاندہی کریں گے۔

مَنْ اَحْسَنُ قَوْلاً مِّمَّنْ دَعَا اِلَی اللّٰہِ :. اس سے بہتر کس کی بات جس نے بلایا اللہ

کی طرف۔

من استفہامیہ مبتدأ احسن اسم تفضیل اسم تام ممیز تمامیت بتوین مقدرہ قولا تمیز من جار من موصولہ دعا فعل فاعل الی اللہ جار مجرور متعلق دعا کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر صلہ موصول صلہ ملکر مجرور جار مجرور متعلق احسن کے ساتھ احسن اپنے تمیز اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ او رخبر ملکر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ :. اگر تو ان کیلئے ستر بار بخشش مانگیں گے تو بھی ہرگز نہ بخشے گا ان کو اللہ۔

ان شرطیہ جازمہ تستغفر فعل فاعل لہم جار مجرور متعلق تستغفر کے ساتھ سبعین اسم تام تمامیت بنون جمع ممیز مرۃ تمیز ممیز تمیز مفعول بہ فعل فاعل متعلق اور مفعول بہ ملکر شرط فا جزائیہ لن ناصبہ یغفر فعل لفظ اللہ فاعل لہم جار مجرور متعلق یغفر کے ساتھ پھر سارے ملکر جزاء شرط جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا:. دوزخ کی آگ سخت گرم ہے۔

نار جہنم مضاف مضاف الیہ مبتدأ اشد اسم تام تمامیت بتوین مقدرہ ممیز حرا تمیز ممیز تمیز ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا :. اللہ سب سے جلد بنا سکتا ہے حیلے۔

اللہ مبتدأ اسرع اسم تام تمامیت بتوین مقدرہ ممیز مکرا تمیز ممیز تمیز ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَيْسَ عِنْدِيْ قَدْرُ حُفْنَةٍ حِنْطَةً:. میرے پاس مٹھی برابر گندم نہیں ہے۔

لیس از افعال ناقصہ عندی مضاف مضاف الیہ مفعول فیہ برائے ثابتا مقدر پھر لیس کا خبر مقدم قدر مضاف حفنۃ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ اسم تام تمامیت باضافت ممیز حنطۃ تمیز ممیز ملکر لیس کا اسم مؤخر لیس اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عِنْدَكَ مِلْؤُهٗ عَسَلًا:. تیرے پاس اس برتن کی پری از روئے شہد ہے۔

عندک مضاف مضاف الیہ مفعول فیہ برائے ثابت مقدر پھر خبر مقدم ملؤ اسم تام تمامیت

باضافت مضاف وضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ممیز عسلا تمیز ممیز تمیز ملکر مبتدأ مؤخر مبتدأ مؤخر اور خبر مقدم ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ :۔ چونکہ باقی ترکیبوں میں کم آیا ہے اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کم کی ترکیبی حیثیت کے بارے میں وضاحت کی جائے کم دونوں صورتوں میں چاہے خبریہ ہو یا استفہامیہ یا تو محلا منصوب ہوگا یا مرفوع ہوگا یا مجرور اگر کم کے بعد ایسا فعل ہو جو اس سے اعراض نہیں کر رہا یعنی اس کے ضمیر یا متعلق میں عمل نہیں کر رہا تو پھر کم اگر مفعول بہ بننے کی صلاحیت رکھتا ہے تو مفعول بہ ہوگا جیسے کم رجلا ضربت اور کم غلام ملکت اس صورت میں یہ کم ممیز اور تمیز ملکر ضربت اور ملکت کے لئے مفعول بہ ہے اور اگر اس میں مفعول مطلق بننے کی صلاحیت ہو تو مفعول مطلق ہوگا جیسے کم ضربۃ ضربت اور کم ضربۃ ضربت اور اگر مفعول فیہ بننے کی صلاحیت ہو تو مفعول فیہ بنے گا جیسے بکم یوما سرت اور کم یوم صمت اور اگر اس سے پہلے حرف جر یا مضاف ہو تو اس صورت میں کم محلا مجرور ہوگا اور مابعد فعل کے ساتھ متعلق ہوگا جیسے کم رجلا مررت اور علی کم رجل حکمت غلام کم رجلا ضربت اور مال کم رجل سلبت ،ان آخری دو صورتوں میں غلام اور مال مضاف ہے اور کم تمیز سے ملکر مضاف الیہ ہے اور پھر مضاف مضاف الیہ مابعد فعل کے لئے مفعول بہ ہے اور اگر یہ دونوں صورتیں نہ ہو تو پھر کم مرفوع ہوگا۔ پھر اگر ظرف نہ ہو تو مبتدأ ہوگا جیسے کم رجلا اخوک اور کم رجل ضربتہ اس صورت میں کم ممیز تمیز ملکر مبتدا ہے اور مابعد اس کی خبر ہے اور اگر ظرف ہو تو پھر کم خبر مقدم ہوگا جیسے کم یوما سفرک اور کم شہر صومی ۔

كَمْ مُصَلٍّ عَنْ صَلَاتِهٖ غَافِلٌ :. بہت سارے نمازی اپنے نماز سے غافل ہیں ۔

کم خبریہ ممیز مصل تمیز ممیز تمیز ملکر مبتدأ عن جار صلوتہ مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق غافل کے ساتھ غافل صیغہ اسم فاعل اس میں ضمیر اس فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَمْ صَائِمٍ لَيْسَ لَهٗ مِنْ صِيَامِهٖ نَصِيْبٌ : بہت سے روزہ دار ایسے ہیں کہ ان کے لئے اپنے روزہ سے کوئی حصہ نہیں ۔

من جار صیامہ مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق ثانی ہوا اسی ثابتا کے ساتھ پھر خبر مقدم نصیب اس کا اسم مؤخر لیس اپنے اسم اور خبر سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کَمْ رَکْعَةً صَلَّیْتُ : تو نے کتنی رکعتیں پڑھیں۔

کم استفہامیہ ممیز رکعۃ تمیز ممیز تمیز ملکر مفعول بہ مقدم صلیت فعل فاعل فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

کَمْ یَوْماً غِبْتَ عَنِّیْ : تو کتنے دن مجھ سے غائب رہا۔

کم استفہامیہ ممیز یوما تمیز ممیز تمیز ملکر مفعول فیہ مقدم غبت فعل فاعل عنی جار مجرور متعلق غبت کے ساتھ فعل فاعل متعلق اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

هُمْ اَکْثَرُوْنَ مِنْکُمْ مَالاً :. وہ باعتبار مال کے تم سے زیادہ ہیں۔

ہم مبتدأ اکثرون اسم تام تمامیت بنون جمع ممیز منکم جار مجرور متعلق اکثرون کے ساتھ مالا تمیز اکثرون اپنے متعلق اور تمیز سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کَمْ مِنْ مَّلَکٍ فِی السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِیْ شَفَاعَتُهُمْ :. بہت فرشتے ہیں آسمانوں میں کام نہیں آتی ان کی سفارش۔

کم خبریہ ممیز من جار ملک موصوف فی السموات جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر صفت موصوف صفت ملکر مجرو ر جار مجرور ملکر تمیز ممیز تمیز ملکر مبتدأ لا نافیہ تغنی فعل شفاعتہم مضاف مضاف الیہ فاعل فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عِنْدِیْ کَذَا وَکَذَا : میرے پاس اتنے اتنے ہیں۔

عندی ثابت کا مفعول فیہ ہوکر خبر مقدم کذا وکذا معطوف معطوف علیہ مبتدأ مؤخر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا ذِکْرٌ مُّبَارَکٌ :. یہ مبارک ذکر ہے۔

ہذا مبتدأ ذکر موصوف مبارک صفت موصوف صفت ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْنَ :. اس سے نہ پوچھا جائے جو وہ کرے اور ان

سے پوچھا جائے۔

لا یسئل فعل مجہول ضمیر اس کا نائب فاعل عن جار ما موصولہ یفعل فعل فاعل صلہ موصول صلہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق یسئل کے پھر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واو عاطفہ ہم مبتدأ یسئلون فعل مجہول واو ضمیر بارز اس کا نائب فاعل پھر جملہ ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف معطوف علیہ ملکر جملہ معطوفہ۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ :. اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

اللہ مبتدأ یعلم فعل فاعل مرفوع بعامل معنوی خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ معطوفہ علیہا واو عاطفہ انتم مبتدأ لا نافیہ تعلمون فعل فاعل مرفوع بعامل معنوی خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ معطوفہ۔

يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ :. اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو۔

یعلم فعل فاعل مرفوع بعامل معنوی ما موصولہ تبدون فعل فاعل مرفوع بعامل معنوی صلہ موصول صلہ ملکر معطوف علیہ واو عاطفہ ما موصولہ تکتمون فعل فاعل مرفوع بعامل معنوی صلہ موصول صلہ ملکر معطوف معطوف علیہ معطوف ملکر مفعول بہ یعلم کا فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنَاهَا :. کتنی بستیاں ہم نے ہلاک کردیں۔

کم خبریہ ممیز من جار قریۃ مجرور جار مجرور ملکر تمیز ممیز تمیز ملکر مبتدأ اہلکنا فعل فاعل ہا مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا :. کتنی بستیاں کہ نکل چکیں حکم سے اپنے رب کے۔

کم خبریہ ممیز من جار قریۃ مجرور جار مجرور ملکر تمیز ممیز تمیز مبتدأ عتت فعل ماضی ضمیر اس کا فاعل عن جار امر مضاف ربہا مضاف مضاف الیہ مضاف الیہ ہوا امر مضاف کا مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق عتت کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَاَيِّنْ مِنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ :.

بہتیری نشانیاں ہیں آسمان اور زمین میں جن پر گزر ہوتا رہتا ہے ان کا اور وہ ان پر دھیان نہیں کرتے۔

کاین اسم کنایہ بمعنی کم خبریہ ممیز من جار ایۃ موصوف فی جار السموات والارض معطوف علیہ معطوف مجرور جار مجرور ثابتۃ سے متعلق ہوکر صفت موصوف صفت ملکر مجرور جار مجرور ملکر تمیز ممیز تمیز ملکر مبتدأ یمرون فعل مضارع واو ضمیر بارز ذوالحال علیہا جار مجرور متعلق یمرون کا واو حالیہ ہم مبتدأ عنہا جار مجرور متعلق مقدم معرضون کا معرضون اپنے متعلق سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال ذوالحال اور حال ملکر فاعل ہوا یمرون کا فعل فاعل اور متعلق ملکر خبر ہوا کاین من ایۃ فی السموات والارض کا مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ:۔کاین یہ دولفظوں سے مرکب ہے ایک کاف تشبیہ اور دوسرا ای باتنوین یہ کم خبریہ کے معنی میں تعداد کی زیادتی کو بتاتا ہے اس کی تنوین نون کی شکل میں لکھی جاتی ہے جیسے کاین رجلا لقیت کاین من رجل لقیت اس کے بعد اکثر من آتا ہے اس کی دو شکلیں بہت مشہور ہیں کأین اور کائن استفہام کے معنی میں بہت کم استعمال ہوتا ہے جیسے کای تقرأ سورۃ الاحزاب تم کتنی مرتبہ سورہ احزاب پڑھتے ہو۔القاموس الوحید باب الکاف ص ۱۳۷۸

مشق نمبر﴿۳۱﴾

ذیل کی مثالوں میں تابع کی قسمیں بتاؤ اور صفت کی دونوں قسموں اور تاکید کی قسمیں بھی بیان کرو۔اور صفت وموصوف میں بتاؤ کہ دس چیزوں میں کس کس شئی میں موافقت ہے اور ہر مثال کا ترجمہ وترکیب بھی کرو؟

جواب:۔ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کریں گے اور بضمن ترکیب امور مطلوبہ کی وضاحت ہوگی۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ :. دکھادے ہم کو سیدھا راستہ۔

اہد فعل فاعل نا مفعول اول الصراط موصوف المستقیم صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر

وافراد ونصب موصوف صفت ملکر مفعول ثانی فعل فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ :. سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو پالنے والا ہے سارے جہاں کا بے حد مہربان نہایت رحم والا مالک روز جزا کا۔

الحمد مبتدأ للہ لام جارہ اللہ موصوف رب العلمین مضاف مضاف الیہ صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر وافراد وجر صفت اول الرحمٰن صفت ثانی موافقت در تعریف وتذکیر وافراد وجر الرحیم صفت ثالث موافقت در امور مذکورہ ملک مضاف یوم الدین مضاف مضاف الیہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر صفت رابع موافقت در امور مذکورہ موصوف اپنے چاروں صفات سے ملکر مجرور جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ :. ہم ہرگز صبر نہ کریں گے ایک ہی طرح کے کھانے پر۔

لن ناصبہ نصبر فعل مضارع ضمیر اس کا فاعل علی جار طعام موصوف واحد صفت بحالہ موافقت در تنکیر وتذکیر وافراد وجر موصوف صفت ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق نصبر کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْمَلٰٓئِكَةُ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ :. فرشتے عزت مند بندے ہیں۔

الملئکۃ مبتدأ عباد موصوف مکرمون صفت بحالہ موافقت در تنکیر وتذکیر وجمع ورفع موصوف صفت خبر مبتدأ خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَاَيْتُ رَجُلاً مُّصَلِّيًا :. میں نے نماز پڑھنے والے آدمی کو دیکھا۔

رأیت فعل فاعل رجلا موصوف مصلیا صفت بحالہ موافقت در تنکیر وتذکیر وافراد ونصب موصوف صفت ملکر مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا :. (اے ایمان والوں) توبہ کرو اللہ کی طرف صاف دل کی توبہ۔

توبوا فعل فاعل الی اللہ جار مجرور متعلق توبوا کے ساتھ توبۃ موصوف نصوحا صفت بحالہ

موافقت در تنکیر وتانیث وافراد ونصب موصوف صفت ملکر مفعول مطلق فعل فاعل ومتعلق مفعول مطلق ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

هٰذَانِ رَجُلَانِ عَاقِلَانِ :. یہ دو آدمی عقل مند ہیں۔

ہذان مبتدأ رجلان موصوف عاقلان صفت بحالہ موافقت در تنکیر وتذکیر وتثنیہ ورفع موصوف صفت ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذِهٖ اِمْرَءَ ۃٌ صَالِحَۃٌ :. یہ عورت نیکو کار ہے۔

ہذہ مبتدأ امراء ۃ موصوف صالحۃ صفت بحالہ موافقت در تنکیر وتانیث وافراد ورفع موصوف صفت ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا الرَّجُلُ عَالِمٌ اَبُوْهُ :. یہ آدمی اس کا باپ عالم ہے۔

ہذا الرجل اسم اشارہ مشار الیہ ملکر مبتدأ عالم صیغہ اسم فاعل ابوہ مضاف مضاف الیہ اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَجَدَ الْمَلٰئِكَۃُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ :. سجدہ کیا ان فرشتوں نے سب نے ملکر۔

سجد فعل الملئکۃ مؤکد کلہم مضاف مضاف الیہ تاکید معنوی تاکید اول اجمعون تاکید ثانی مؤکد تاکید ملکر سجد کا فاعل فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ مُوْسٰى لِاَخِیْهِ هَارُوْنَ :. موسیٰؑ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا۔

قال فعل موسیٰ فاعل لام جار اخیہ مضاف مضاف الیہ مبدل منہ ہارون بدل الکل مبدل منہ بدل مجرور جار مجرور ملکر متعلق قال کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلصَّلٰوۃُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ :. رحمت ہو اس کے رسول پر جو محمدؐ ہیں اور انکی تمام آل پر اور تمام اصحاب پر۔

الصلوٰۃ مبتدأ علی جار رسولہ مضاف مضاف الیہ مبدل منہ محمد بدل الکل مبدل منہ بدل ملکر معطوف علیہ واوٗ عاطفہ الہ مضاف مضاف الیہ معطوف اول واو عاطفہ اصحابہ مضاف مضاف الیہ مؤکد اجمعین تاکید معنوی مؤکد تاکید معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے ملکر مجرور جار مجرور

ملکر نازلۃ کے متعلق ہوکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُخِذَ زَیْدٌ مَالُهٗ :. لیا گیا زید یعنی اس کا مال۔

اخذ فعل مجہول زید مبدل منہ مالہ مضاف مضاف الیہ بدل اشتمال مبدل منہ بدل ملکر نائب فاعل اخذ کا فعل اپنے نائب فاعل کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِیْهِ :. تجھ سے پوچھتے ہیں مہینہ حرام کو کہ اس میں لڑنا کیسا ہے۔

یسئلون فعل فاعل ک ضمیر مفعول بہ عن جار الشہر موصوف الحرام صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر وافراد وجر موصوف صفت ملکر مبدل منہ قتال مصدر فیہ جار مجرور ملکر متعلق مصدر کے مصدر اپنے متعلق کے ساتھ ملکر بدل اشتمال مبدل منہ بدل ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق یسئلون کے ساتھ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ :. ان کے لئے معافی ہے اور عظیم ثواب۔

لہم جار مجرور باعتبار متعلق خبر مقدم مغفرۃ معطوف علیہ واو عاطفہ اجر موصوف عظیم صفت بحالہ موافقت در تنکیر وتذکیر وافراد ورفع موصوف صفت معطوف معطوف علیہ معطوف مبتدأ مؤخر مبتدأ موخر خبر مقدم ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبَّاسٍؓ اِبْنُ عَمِّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ :. عبداللہ بن عباسؓ رسول اللہؐ کے چچا کے بیٹے ہیں۔

عبداللہ مضاف مضاف الیہ موصوف ابن عباس مضاف مضاف صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر وافراد ورفع موصوف صفت ملکر مبتدأ ابن مضاف عم مضاف الیہ مضاف رسول اللہ مضاف مضاف الیہ مضاف الیہ ہوا عم کا مضاف مضاف الیہ ملکر پھر مضاف الیہ ہوا ابن کا پھر مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ کا مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ صلی اللہ علیہ وسلم جملہ معترضہ ہے اور اسکی ترکیب گذر چکی ہے۔

اُذْکُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَیْدِ :. یاد کر ہمارے بندے داؤد قوت والے کو۔

اذکر فعل فاعل عبدنا مضاف مضاف الیہ مبدل منہ داؤد موصوف ذالاید مضاف مضاف الیہ صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر وافراد ونصب موصوف صفت ملکر بدل الکل مبدل منہ بدل ملکر مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

سَيِّدَةُ النِّسَاءِ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ :. عورتوں کی سردار آپ ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ ہیں۔

سیدۃ النساء مضاف مضاف الیہ مبدل منہ فاطمۃ بدل الکل مبدل منہ اور بدل ملکر مبتدأ بنت مضاف رسول اللہ مضاف مضاف الیہ مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ صلی اللہ علیہ وسلم جملہ معترضہ۔

سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ حَمْزَةُ عَمُّهُ ﷺ :. شہیدوں کے سردار آپؐ کے چچا حضرت حمزہؓ ہیں

سید الشہداء مضاف مضاف الیہ مبدل منہ حمزۃ بدل الکل مبدل منہ بدل ملکر مبتدأ عمہ مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ سَيْفُ اللّٰهِ :. خالد بن ولیدؓ اللہ کی تلوار ہیں۔

خالد موصوف ابن الولید مضاف مضاف الیہ صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر وافراد ورفع موصوف صفت ملکر مبتدأ سیف اللہ مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

كَانَ عُثْمَانُ ذُوالنُّوْرَيْنِ خَتَنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ :. حضرت عثمان ذوالنورینؓ آپؐ کے داماد تھے۔

کان از فعل از افعال ناقصہ عثمان موصوف ذوالنورین مضاف مضاف الیہ صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر وافراد ورفع موصوف صفت ملکر کان کا اسم ختن مضاف رسول اللہ مضاف مضاف الیہ مضاف الیہ ہوا ختن کا مضاف مضاف الیہ ملکر کان کا خبر کان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ أُولِي الْأَيْدِيْ وَالْأَبْصَارِ :. اور یاد کر

ہمارے بندوں کو ابراہیم اسحٰق اور یعقوب ہاتھوں والے اور آنکھوں والے۔

واو استینا فیہ اذکر فعل فاعل عباد مضاف نا مضاف الیہ مبدل منہ ابراہیم معطوف علیہ واو عاطفہ اسحٰق معطوف اول واو عاطفہ یعقوب معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں کے ساتھ ملکر موصوف اولی مضاف الایدی معطوف علیہ واو عاطفہ الابصار معطوف معطوف علیہ معطوف ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر صفت بحالہ موافقت در تعریف وتذکیر وجمع ونصب موصوف صفت ملکر بدل الکل عبادنا کا مبدل منہ بدل ملکر مفعول فعل فاعل اور مفعول ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فِيْهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ اِبْرَاهِيْمَ :. اس میں نشانیاں ہیں ظاہر جیسے مقام ابراہیم۔

فیہ جار مجرور ثابت سے متعلق ہوکر خبر مقدم آیات موصوف بینات صفت بحالہ موافقت در تنکیر وتانیث وجمع ورفع موصوف صفت ملکر مبدل منہ مقام ابراہیم مضاف مضاف الیہ بدل البعض مبدل منہ بدل ملکر مبتدأ مؤخر پھر مبتدأ مؤخر اور خبر مقدم ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَانِيَ الْخُلَفَاءِ :. امیر المؤمنین حضرت عمرؓ دوسرے خلیفہ ہیں۔

امیر المؤمنین مضاف مضاف الیہ مبدل منہ عمر بدل الکل مبدل منہ بدل ملکر مبتدأ رضی فعل اللہ فاعل عنہ جار مجرور متعلق رضی کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جملہ معترضہ ثانی الخلفاء مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق نمبر ﴿۳۲﴾

ذیل کی مثالوں میں غیر منصرف اور اس کے اسباب بیان کرو اور ترجمہ وترکیب کرو؟

جواب :۔ ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کریں گے اور امور مطلوبہ بضمن ترکیب واضح کی جائے گی۔

اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ كَانَ اُمَّةً :. اصل میں تو ابراہیم تھا راہ ڈالنے والا۔

ان حرف مشبہ بالفعل ابراہیم غیر منصرف بوجہ عجمہ وعلیت اس کا اسم کان از افعال ناقصہ ضمیر اس کا اسم لمتہ اسکی خبر کا اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر ان کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ :. اور مذکور کر کتاب میں اسمعیل کا۔

واو استینافیہ اذکر فعل فاعل فی الکتب جار مجرور متعلق اذکر کے ساتھ اسمعیل غیر منصرف بوجہ علیت وعجمہ مفعول بہ فعل فاعل متعلق اور مفعول بہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ ہوا

جَاءَ سُلَيْمَانُ :. سلیمان آیا۔

جاء فعل سلیمان غیر منصرف بوجہ الف نون زائدتان وعلیت اس کا فاعل فعل فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِسْمُهٗ اَحْمَدُ :. اس کا نام احمد ہے۔

اسمہ مضاف مضاف الیہ مبتدأ احمد غیر منصرف بوجہ وزن فعل وعلیت خبر مبتدأ خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذِهٖ بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ :. یہ زرد گائے ہے۔

ہذہ مبتدأ بقرۃ موصوف صفراء غیر منصرف بوجہ الف ممدودہ قائم مقام دو سببوں کے صفت موصوف صفت ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ :. تو نکاح کرلو جو عورتیں تم کو خوش آویں دو دو تین تین چار چار۔

فا جزائیہ انکحوا فعل فاعل ما موصولہ ذوالحال طاب فعل لکم جار مجرور متعلق طاب کے ساتھ اس میں ضمیر مستتر وہ ذوالحال من النساء باعتبار متعلق کے حال ذوالحال حال ملکر فاعل ہوا طاب کا فعل فاعل او رمتعلق ملکر صلہ مثنیٰ غیر منصرف بوجہ عدل ووصف معطوف علیہ ثلث غیر منصرف بوجہ دعدل ووصف معطوف اول وربع ثلث کی طرح معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے معطوفات سے ملکر حال ہوا ما موصولہ کے لئے موصول اپنے صلہ اور حال سے ملکر مفعول بہ ہوا انکحوا کا فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ انشائیہ امریہ جزاء

ہوا ما قبل شرط کے لئے۔

یَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَایَشَاءُ مِن مَحَارِیْبَ وَتَمَاثِیْلَ :. بناتے (جنات) اس کے واسطے جو کچھ چاہتا قلعے اور تصویریں۔

یعملون فعل فاعل لہ جار مجرور متعلق یعملون کے ساتھ ما موصولہ یشاء فعل فاعل یہاں عائد محذوف ہے جو ما کی طرف راجع ہے تقدیر عبارت اس طرح ہوگی ما یشاء عملہ پھر عمل مضاف ہ ضمیر ذوالحال من جار محاریب وتماثیل دونوں غیر منصرف بوجہ جمع منتہی الجموع پھر مجرور جار مجرور باعتبار متعلق محذوف کے ہ ضمیر سے حال حال ذوالحال ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ یشاء کا مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ صلہ موصول صلہ یعملون کا مفعول فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

جَاءَ نِیْ زَیْدٌ عَطْشَانَ :. آیا میرے پاس زید اس حال میں کہ وہ پیاسا تھا۔

جاء فعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ زید ذوالحال عطشان غیر منصرف بوجہ وصف والف نون زائدتان حال ذوالحال حال ملکر فاعل فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَبِسَ زَیْدٌ سَرَاوِیْلَ :. زید نے شلوار پہن لی۔

لبس فعل زید فاعل سراویل غیر منصرف بوجہ منتہی الجموع مفعول بہ سارے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

جَاءَ اِخْوَةُ یُوْسَفَ :. یوسف کے بھائی آگئے۔

جاء فعل اخوة مضاف یوسف غیر منصرف بوجہ وزن فعل وعلمیت مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل فعل فاعل ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَنْبَتْنَا بِهٖ حَدَائِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ :. اگائے ہم نے اس سے باغ رونق والے۔

انبتنا فعل فاعل بہ جار مجرور متعلق انبتنا کے ساتھ حدائق غیر منصرف بوجہ جمع منتہی الجموع موصوف ذات بھجۃ مضاف مضاف الیہ صفت موصوف صفت مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

جَعَلَ لَهَا رَوَاسِیَ :. رکھے اس کے ٹھہرانے کو بوجھ۔

جعل فعل فاعل لہا جار مجرور متعلق جعل کے ساتھ رواسی غیر منصرف بوجہ جمع منتہی الجموع مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا:. بے شک سب سے پہلا گھر جو مقرر ہوا لوگوں کے واسطے یہی ہے جو کہ مکہ میں ہے برکت والا۔

ان حرف مشبہ بالفعل اول مضاف بیت موصوف وضع فعل مجہول ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل للناس جار مجرور متعلق وضع کے ساتھ سارے ملکر صفت ہوا بیت کا موصوف صفت ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ان کا اسم للذی لام تاکیدیہ الذی موصول بار جارہ بکۃ غیر منصرف بوجہ تانیث وعلیت مجرور جار مجرور استقر کے ساتھ متعلق استقر فعل اس میں ضمیر اس کا ذوالحال مبارکا حال ذوالحال حال ملکر فاعل استقر کا فعل فاعل اور متعلق ملکر صلہ موصول صلہ خبر ہوا ان کا ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِیْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ:. بٹھلانے لگا تو (آپ) مسلمانوں کو لڑائی کے ٹھکانوں پر۔

تبوئ فعل فاعل المؤمنین مفعول بہ مقاعد غیر منصرف بوجہ جمع منتہی الجموع مفعول فیہ للقتال جار مجرور متعلق تبوئ کے ساتھ فعل فاعل متعلق مفعول بہ اور مفعول فیہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَا اَھْلَ یَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَکُمْ:. اے یثرب والوں تمہارے لئے ٹھکانہ نہیں۔

یا حرف نداء قائم مقام ادعو کے ادعو فعل فاعل اہل مضاف یثرب غیر منصرف بوجہ علیت ووزن فعل مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر منادیٰ مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر نداء لا نفی الجنس مقام اس کا اسم لکم جار مجرور ثابت کے ساتھ متعلق ہوکر اس کی خبر لا اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا جواب نداء نداء جواب نداء جملہ ندائیہ ہوا۔

یٰا بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ اذْکُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ:. اے بنی اسرائیل یاد کرو میرے احسان جو میں نے تم پر کئے۔

یا حرف نداء قائم مقام ادعو کے ادعو فعل فاعل بنی مضاف اسرائیل غیر منصرف بوجہ عجمہ وعلیت

مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر منادیٰ مفعول بہ سارے ملکر نداء اذکروا فعل فاعل نعمتی مضاف مضاف الیہ موصوف التی اسم موصول انعمت فعل فاعل علیکم جار مجرور متعلق ہوا انعمت کے ساتھ فعل اپنے فاعل اور متعلق کے ساتھ ملکر صلہ موصول صلہ صفت موصوف صفت مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جواب نداء نداء جواب نداء ملکر جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

مشق نمبر﴿۳۳﴾

امثلہ ذیل میں حروف غیر عاملہ کی قسمیں بتاؤ اور ترکیب وترجمہ کرو؟

جواب :۔ترجمہ وترکیب ساتھ ساتھ کریں گے اور بضمن ترکیب حروف غیر عاملہ کی قسمیں بھی بیان کریں گے۔

اَلَا اِنَّھُمْ ھُمُ السُّفَھَاءُ :. جان لو وہی ہیں بے وقوف۔

الا حرف تنبیہ ان از حروف مشبہ بالفعل ہم ضمیر اس کا اسم ہم مبتدأ السفہاء خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر ان کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھٰٓؤُلَاءِ قَوْمُنَا :. یہ ہماری قوم ہے۔

ہا حرف تنبیہ اولاء اسم اشارہ مبتدأ قومنا مضاف مضاف الیہ خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

اَمَا زَیْدٌ قَائِمٌ :. خبردار زید کھڑا ہے۔

اما حرف تنبیہ زید مبتدأ قائم خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا نَعَمْ :. انہوں نے کہا جی ہاں۔

قالوا فعل فاعل قول نعم حرف ایجاب اس کا مقولہ کوئی جملہ محذوف ہے۔

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی :. (اللہ نے فرمایا) کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہا کیوں نہیں۔

ا ہمزہ استفہام لست از افعال ناقصہ ت ضمیر اس کا اسم ب جارہ زائدہ ربکم مضاف مضاف الیہ لفظا مجرور محلا منصوب لست کی خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر مقولہ ہوا قال مقدر کا قالوا

فعل فاعل ملکر قول بلیٰ حرف ایجاب انت ربنا جملہ مقدر مقولہ قول مقولہ ملکر جملہ قولیہ۔

قُلْ اِیْ وَرَبِّیْ اِنَّهٗ لَحَقٌّ :. تو کہہ البتہ قسم میرے رب کی یہ سچ ہے۔

قل فعل امر انت ضمیر اس کا فاعل فعل فاعل ملکر قول ای حرف ایجاب و ربی واو قسمیہ جارہ ربی مضاف مضاف الیہ مقسم بہ مجرور جار مجرور متعلق اقسم محذوف کے ساتھ اقسم فعل فاعل اور متعلق ملکر قسم ان از حروف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم لحق اس کی خبر ان اپنی اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جواب قسم قسم جواب قسم مقولہ قول کا قول مقولہ ملکر جملہ مقولہ ہوا۔

اَجَلْ اِنَّهٗ قَائِمٌ :. ہاں یقیناً وہ کھڑا ہے۔

اجل حرف ایجاب ان مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم قائم اس کی خبر پھر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جَاءَ نِیْ زَیْدٌ اَیْ اَبُوْ عَمْرٍو :. آیا میرے پاس زید یعنی ابوعمرو۔

جاء فعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ زید مفسر ای حرف تفسیر ابوعمرو مضاف مضاف الیہ ملکر تفسیر مفسر تفسیر ملکر فاعل ہوا جاء کا فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَاقَتِ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ :. زمین اپنی کشادگی کے باوجود تنگ ہوگئی۔

ضاقت فعل الارض فاعل با جارہ ما مصدریہ رحبت فعل فاعل بتاویل مصدر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ضاقت کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ :. روزہ رکھو تو بہتر ہے تمہارے لئے۔

ان مصدریہ تصوموا فعل فاعل بتاویل مصدر مبتدأ خیر اسم تفضیل لکم جار مجرور متعلق خیر کے ساتھ اسم تفضیل اپنے متعلق کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ یَعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰهُمْ :. کیا وہ نہیں جان چکے کہ اللہ جانتا ہے ان کا بھید اور ان کا مشورہ۔

أ ہمزہ استفہام لم یعلموا فعل فاعل ان از حروف مشبہ بالفعل اللہ اس کا اسم یعلم فعل فاعل سرہم مضاف مضاف الیہ معطوف علیہ واو عاطفہ نجواہم مضاف مضاف الیہ معطوف معطوف علیہ اور معطوف ملکر یعلم کا مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ سے ملکر خبر ہوا ان کا ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر

مفعول ہوالم یعلموا کا فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

عَجِبْتُ اَنْ ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرواً:. زید کے عمرو کو مارنے سے میں نے تعجب کیا۔

عجبت فعل فاعل ان مصدریہ ضرب فعل زید فاعل عمروا مفعول بہ سارے ملکر بتاویل مصدر مفعول بہ ہوا عجبت کا فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَوْلَا اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَا يَكُوْنُ لَنَا اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا :. کیوں نہ جب تم نے اس کو سنا تھا کہا ہوتا ہم کو نہیں لائق کہ منہ پر لائیں یہ بات۔

لولا حرف تحضیض اذ ظرفیہ مضاف سمعتمو فعل فاعل ہ ضمیر مفعول بہ فعل فاعل اور مفعول بہ ملکر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ مقدم برائے قلتم قلتم فعل فاعل اور مفعول فیہ ملکر قول ما نافیہ یکون فعل تام لنا جار مجرور متعلق یکون کے ساتھ ان مصدریہ نتکلم فعل فاعل بہذا جار مجرور متعلق نتکلم کے ساتھ فعل فاعل اور متعلق ملکر بتاویل مصدر فاعل ہوا ما یکون کا فعل فاعل اور متعلق ملکر مقولہ قول مقولہ ملکر جملہ قولیہ ہوا۔

هَلَّا تُصَلِّي الصَّلٰوتِ لِوَقْتِهَا :. تو وقت پر نماز کیوں نہیں پڑھتی۔

ہلا حرف تحضیض تصلی فعل فاعل الصلوٰت مفعول بہ لام جارہ وقتہا مضاف مضاف الیہ مجرور جار مجرور متعلق ہوا تصلی کے ساتھ فعل فاعل مفعول بہ اور متعلق ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّا تَصُوْمُ رَمَضَانَ :. تو رمضان کے روزے کیوں نہیں رکھتا۔

الا حرف تحضیض تصوم فعل فاعل رمضان مفعول بہ سارے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَوْمَا تَحُجُّ الْبَيْتَ :. تو بیت اللہ کا حج کیوں نہیں کرتا۔

لوما حرف تحضیض تحج فعل فاعل البیت مفعول بہ سارے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْ اَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُوْنَ :. یہ کیسی مورتیں ہیں جن پر تم مجاور بیٹھے ہو۔

ما استفہامیہ مبتدأ ہذہ اسم اشارہ التماثیل موصوف التی موصول انتم مبتدأ لہا جار مجرور متعلق مقدم عاکفون کے ساتھ عاکفون اپنے متعلق سے ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر صلہ موصول صلہ ملکر صفت ہوا موصوف کا موصوف صفت ملکر مشارالیہ اشارہ مشار الیہ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَحَقٌّ هُوَ :. کیا سچ ہے یہ بات۔

ہمزہ استفہامیہ حق خبر مقدم ہو مبتدأ مؤخر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

هَلْ اَنْتُمْ شَاكِرُوْنَ :. کچھ تم شکر کرتے ہو۔

ہل استفہامیہ انتم مبتدأ شاکرون جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

كَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى :. کوئی آدمی سر چڑھا ہے اس سے۔

کلا حرف ردع ان مشبہ بالفعل الانسان اس کا اسم لام تاکید یہ یطغی فعل فاعل اس کی خبر ان اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّا اَنْ جَاءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ :. پھر جب پہنچا خوشخبری والا ڈالا اس نے وہ کرتہ اس کے منہ پر۔

فا عاطفہ لما ظرفیہ مضاف ان زائدہ جاء فعل البشیر فاعل فعل فاعل مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول فیہ برائے القاہ القا فعل فاعل ہ ضمیر مفعول بہ علی جار وجہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور ملکر متعلق القاہ کے ساتھ فعل فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ :. تم سب جھوٹ کہتے ہو۔ا

ان نافیہ انتم مبتدأ الا حرف استثنا لغو برائے حصر مفترون خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ :. تجھ کو کیا مانع تھا کہ تو نے سجدہ نہ کیا۔

ما استفہامیہ مبتدأ منع فعل فاعل ک ضمیر مفعول اول ان ناصبہ مصدریہ لا زائدہ تسجد فعل فاعل بتاویل مصدر مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں کے ساتھ ملکر خبر مبتدأ خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ :. نہیں ہے اس کی طرح کا سا کوئی۔

لیس از افعال ناقصہ کاف زائدہ مثلہ مضاف مضاف الیہ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر مقدم لیس کا شئی لیس کا اسم مؤخر لیس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا زَيْدٌ بِقَائِمٍ :. زید کھڑا نہیں ہے۔

ما مشبہ بلیس زید اس کا اسم با زائدہ قائم لفظاً مجرور محلاً منصوب ما کی خبر ما اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ عَمْرٌو :. تیرے ہاں زید ہے یا عمرو۔

